یا قانون نافذ کرنے والے اداروں کا خوف اس مسئلے کا حل ہے؟ جناب سپیکر! اگر قانون سے خوف اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے خوف اس مسئلے کا حل ہوتا تو آج جمہوریت نہ ہوتی جناب سپیکر! آج سول معاشرہ نہ ہوتا کیونکہ خوف تو وہ معاشرہ پیدا کرتا ہے کہ جو Dictatorship میں ہوتا ہے قانون کا خوف تو وہ لوگ پیدا کرتے ہیں جو زور سے کسی کو فتح کرتے ہیں۔ جو زور سے ملک پر قبضہ کر لیتے ہیں۔ وہ قانون سے خوف پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سے خوف پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ لوگ ان خوف کی وجہ سے جرم نہ کریں۔ جناب سپیکر! اگر ہم تاریخ پر نظر ڈالیں اور میرے خیال میں تاریخ صرف اس لئے نہیں ہوتی کہ ہم اس کو پڑھیں اور اسکو ایک Subject بنا کر آپ گریجویٹ کی ڈگری لے لیں بلکہ تاریخ ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ ہم پر جو پچھلہ دور گزرا ہے، اس کو دیکھ کر آئندہ کے لئے اس کا خیال رکھیں۔ اس دنیا کی تاریخ آپ اٹھا کر دیکھیں جناب سپیکر، جب بھی کسی ملک پر Tyranny جب بھی کسی ملک پر Dictatorship جب بھی کسی ملک پر Social Justice کا نہ ہونا جب کسی ملک میں لوگوں کی آزادی کا نہ ہونا، جناب سپیکر، دنیا میں بڑی بڑی Civilization ختم ہو گئیں اور بڑے بڑے ملک ختم ہو گئے یہ بات نہیں کہ وہاں پر قانون سے خوف نہیں تھا، یہ بات نہیں کہ وہاں پر قانون نافذ کرنے والے داروں کے پاس خوف کی ڈنڈی نہیں تھی، وہاں تو بہت زیادہ تھی وہ تو معمولی معمولی باتوں پر بھی قتل کر دیتے تھے۔ وہ تو معمولی معمولی باتوں پر بڑی بڑی سزائیں دیتے تھے۔ پھر کیوں وہاں پر انقلاب آتا ہے جناب سپیکر! پھر کیوں وہاں پر لوگ اٹھ کھڑے ہوئے پھر کیوں وہاں پر لوگوں نے جو بھی حکومت تھی، اس کے خلاف آواز اٹھائی؟ اور پھر ایک سول معاشرے کا قیام آیا پھر ایک Democratic System کا قیام آیا۔ اب اگر Democracy میں ہم یہ بات کریں کہ قانون سے خوف ہونا چاہیے اگر ہم Democracy اور سول معاشرے میں بھی یہ کہیں کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے خوف سے اپنے قانون کا نفاذ کریں۔ تو پھر تو وہ معاشرہ بہت اچھا تھا۔ جناب سپیکر! آپ دیکھیں اس ملک کی فی کس آمدنی -1400 روپے ماہانہ صرف اپنی سرحدات کی حفاظت کے لئے لگا رہے ہیں جناب سپیکر! 200Billions روپے آپ کا Defense بجٹ ہے اور اگر آپ اس کو چودہ کروڑ عوام پر تقسیم کریں تو اس ملک کی صرف سرحدات کی حفاظت کے لئے اس ملک کا شہری چودہ سو روپے روزانہ خرچ کرتا ہے لیکن

اپنی جان اپنے مال عزت اور ناموس کی حفاظت کے لئے یہاں پر آٹھ روپے ان پر خرچ کیے جاتے ہیں۔ آپ جناب سپیکر! دیکھیں اس فرق کو کہ اگر ایک معاشرہ اور ایک سول سوسائٹی اور ایک ملک صرف اپنی سرحدات کی حفاظت کے لئے دو سو 200 ارب روپے خرچ کرتا ہے اور جو معاشرہ اپنے رہنے والوں کی عزت اور ناموس کے لئے بیس ارب روپے جو سارے پاکستان میں تقریباً بیس 20 ارب روپے بجٹ ہے جناب سپیکر! پولیس کا تو یہ کیسے ہوگا یا تو اگر آپ خوف پیدا کرتے ہیں۔ تو پھر وہ پیسہ لائیں اور یہاں پر خوف پیدا کریں۔ اگر آپ خوف پیدا نہیں کرتے تو پھر وہ پیسہ لائیں یہاں پر Social Justice اور جو یہاں پر ناانصافی ہے اور یہاں پر جو زیادتی ہے اس کو حل کریں جناب سپیکر! آپ کیسے جرم کو روک سکتے ہیں جب آپ کا بیٹا آپ کا بھائی بے روزگار ہو؟ آپ جناب سپیکر کیسے جرم کو روک سکتے ہیں جب گرانی اور مہنگائی آسمان سے باتیں کر رہی ہو؟ آپ کیسے روک سکتے ہیں جناب سپیکر! یہاں پر آپ کی Development نہ ہو جناب سپیکر! کسی معاشرے میں بھی کسی جگہ پر بھی، سول سوسائٹی، وہ کہتے ہیں جناب سپیکر! آپ اس کا اندازہ کر لیں کہ اسی Sub-Continent میں ایک سو سال تک زور سے اور Terror سے حکومت کی گئی پھر جب 1857 میں جناب سپیکر جنگ آزادی ان مظالم کے خلاف لڑی گئی تو آپ دیکھیں کہ اس معاشرے کے اور موجودہ System کے جو بھی بڑے بڑے قوانین ہیں جناب سپیکر! آپ نے تو پڑھے ہوئے ہیں کہ جو بھی Laws ہیں 1857 کے بعد یہاں پر ان قانون کا نفاذ شروع ہوا۔ آپ دیکھیں کہ آپ کا پولیس ایکٹ اگر Civil Procedure Code ہے Criminal Procedure Code ہے Land Revenue Act ہے جو بھی ہیں وہ 1857 کے بعد آئے ہیں اور 1900 سے پہلے جناب سپیکر آئے ہیں کیوں آئے ہیں؟ کیونکہ لوگ اس خوف کی وجہ سے اس انقلاب کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے اور انقلاب کے بعد مجبوراً انگریزوں کو ایسا کرنا پڑا ہے کہ یہاں پر قانون کا نفاذ کیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم اپنے گریبانوں میں جھانکیں اس اسمبلی نے ایک سال میں باقی کو تو چھوڑیں ایک سال میں کوئی ایک Legislation ایسی کی ہے جس میں عام آدمی کو فائدہ ہوا ہو؟ کیا ایک Legislation ایسی کی ہے کہ جس سے لوگوں نے عدالتوں کے چکروں سے نجات پائی ہو؟ کیا ایک Legislation ایسی کی ہے کہ جس سے لوگوں کے لئے کچھ آسانی اور کچھ نرمی آئی ہو؟ نہیں جناب سپیکر! ٹھیک ہے کہ ہم نے کافی

نہیں Legislation کی ہیں لیکن اگر آپ اس کے ریکارڈ کو دیکھیں تو اس میں کوئی ایسی Legislation نہیں ہے کہ جس سے لوگوں کے لئے آسانی پیدا ہوئی ہو جب آپ قانون کو آسان نہیں بناتے، جب آپ لوگوں عدالتوں کے چکروں میں لگائے رکھتے ہیں جناب سپیکر! Naturally جس آدمی کو جب انصاف نہیں ملتا تو وہ ہر جرم کرنے پر آمادہ ہوتا ہے اور جرم یہ نہیں ہے کہ آپ کسی کو دیکھیں کہ وہ مجرم ہے۔ وہ بھی جرم ہے جو آپ نہیں دیکھتے ہیں اور نہ پکڑتے ہیں اور لوگ کرتے ہیں وار میرے خیال میں اس اسمبلی کے ممبران بھی اس میں ملوث ہیں کہ ہم نے اپنے لوگوں کے لئے، اس صوبے کے رہنے والوں کے لئے ایسی کوئی لیجسلیشن نہیں کی۔ ایسا کوئی کام نہیں کیا کہ ان پر آسانی ہو جائے اور جناب سپیکر ! آپ یقین کریں کہ Sociajustices کہ آپ اپنے بجٹ کا ٹو پر سنٹ جو کہ فیڈرل بجٹ ہے آپ ایجوکیشن پر خرچ کرتے ہیں ،15% فیڈرل بجٹ آپ ہیلتھ پر خرچ کر رہے ہیں پھر جناب سپیکر! آپ کیسے توقع کر سکتے ہیں کہ اس معاشرے میں انصاف آئے گا اس معاشرے میں آسانی پیدا ہو گی؟ اور میں سمجھتا ہوں جناب سپیکر، اس کے لئے باقاعدہ قانون سازی کی ضرورت ہے ہم مانتے ہیں کہ پولیس کی کوتاہی ہے۔ ہم مانتے ہیں کہ پولیس کوتاہی کر رہی ہے لیکن جناب سپیکر، پانچ ہزار روپے ماہوار پر ایک آدمی سے آپ چوبیس گھنٹے ڈیوٹی کیسے لے سکتے ہیں، پانچ ہزار روپے ماہوار پر آپ جناب سپیکر۔۔۔۔

جناب خالد وقار ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر! دا خلیل عباس خان په هاوس کښې اخبار ګوری لګیا دے دا خلیل عباس خان، نو دا لږه مهربانی او کړئی۔

جناب سپیکر: جی بس Noted جی عبدالاکبر خان صاحب! یہ آپ کے خلاف سازش ہو رہی ہے آپ کو interrupt۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: آپ تو یہ نہیں چاہتے ہیں نا۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، میں چاہتا ہوں میں تو بالکل جی۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میرا بنیادی مقصد یہ ہے کہ ASO legislator جو ہم یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں ہم ایسی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ اخبار خلیل عباس خان صاحب سے لے لیں۔ میں استدعا کرتا ہوں کہ ان سے اخبار لے لیں

۔

(اس مرحلہ پر خلیل عباس خان سے اخبار لے لیا گیا)

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان صاحب!

جناب عبدالاکبر خان: دیکھیں جی، بس ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: نہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: دیکھیں جی آپ۔۔۔

جناب سپیکر: اچھی سی رائے پر آپ Conclude کر لیں۔ بالکل یہ ہاؤس آرڈر میں ہے مجھے آپ لوگوں کا تعاون درکار ہے کہ کم از کم یہ تو ہاؤس اور ایوان ہے اور بار بار ہم آپ سے استدعا کرتے ہیں لیکن اس کا اثر نہیں ہوتا تو آپ خود سوچیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں یہ بات عرض کر رہا تھا کہ وہ معاشرے جب خود دعوت دیتے ہیں انقلابوں کو، وہ معاشرے جو اپنے لوگوں کو Social justices نہیں دے سکتے تو وہ معاشرے انقلابوں کو دعوت دیتے ہیں جناب سپیکر! اور جب ہم یہاں پر As a legislator بیٹھ کر ان کے لیے کوئی انصاف آسان نہیں بنا سکتے، ان کے لیے کوئی قانون آسان نہیں بنا سکتے اور اسی طرح ہمارے یہاں جو بجٹ پیش ہوتا ہے جناب سپیکر، یہاں پر جب لوگوں کو تعلیم نہیں ملتی اور جن کو تعلیم ملتی ہے تو ان کو روزگار نہیں ملتا، جن کو صحت کی Facility نہیں ملتی، جناب سپیکر، یہ Crimes تو اسی وجہ سے ہوتے ہیں۔ آپ لاکھ کوشش کریں جناب سپیکر، میں کہتا ہوں کہ اگر سو جرم ہو رہے ہیں تو ان میں پچاس مجرم یا تو پکڑے جاتے ہیں یا صرف دیکھے جاتے ہیں پکڑے نہیں جاتے ہیں۔ لیکن پچاس جرم ایسے ہوتے ہیں جس کو آپ نہیں دیکھ سکتے، اس لیے جناب سپیکر، میں حکومت سے استدعا کروں گا کہ اس معاملے میں انکی مدد کرنے کے لیے کس طرح کی یہ Legislation ہونی چاہیے۔ لیکن یہ جو طوفان آنے والا ہے اور خاص کر اس صوبہ سرحد پر، اور ہم بار بار یہ کہہ رہے ہیں کہ Resources کی جو Distribution ہے۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی تک طوفان تو میاں نثار گل کی وجہ سے تھم گیا ہے۔

(قہقہے)

جناب عبدالاکبر خان: میں جی مشکور ہوں آپ کا، کہ آپ نے موقع دیا ہے۔ تھینک یو۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: مشتاق احمد غنی صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

جناب مشتاق احمد غنی: بس جی۔ مجھے تقریر کرنی ہے۔

جناب سپیکر: تقریر کرنی ہے تو کرلیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ تھینک یو جناب سپیکر! لاء اینڈ آرڈر پر کئی دفعہ ہم اس معزز ایوان میں بحث کر چکے ہیں اور کئی دفعہ اس کے بارے میں بڑی ٹھوس تجاویز بھی دوستوں نے پیش کی ہیں۔ لیکن Still اس میں بڑی گنجائش باقی ہے۔ اس پر کام کرنے کی تو جناب والا! دوستوں نے بڑی اچھی گفتگو کی لیکن میں یہ کہونگا کہ کسی بھی معاشرے کے اندر لاء اینڈ آرڈر کو بہتر کرنے کے لیے بنیادی چیز روزگار کی فراہمی ہے کہ جہاں پر غربت اور ہمارے صوبہ میں تقریباً پچپن ساٹھ فیصد لوگ خط افلاس سے نیچے زندگی بسر کررہے ہیں جن کے لیے دو وقت کی روٹی میسر نہیں اور پہننے کے لیے کپڑے میسر نہیں۔ علاج کے لیے ان کے پاس کوئی بندوبست نہیں ہے۔ اتنے دور وہ شہروں سے اور ان سہولیات سے رہتے ہیں کہ ان کی وہاں تک رسائی بھی ممکن نہیں۔ ایسے معاشرے کے اندر جب پڑھے لکھے نوجوان جو بڑی محنت اور مشقت اور کس کس انداز سے غریب گھر کا بچہ کسی طرح اعلیٰ تعلیم تک پہنچتا ہے، ماسٹر کرتا ہے یا گریجویشن کرتا ہے اور وہ ڈگریاں ان کے ہاتھوں میں کاغذ کا بوجھ بن کر رہ جاتی ہیں، انہیں در در کی ٹھوکریں کھانی پڑتی ہیں، لیکن ان کے لیے کہیں روزگار کا بندوبست نہیں ہوتا پھر وہ بے راہ روی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اور معاشرے میں اس طرح کی برائیاں جنم لینا شروع ہو جاتی ہیں۔ اسی معزز ایوان میں ہم نے متعدد بار یہ درخواست کی ہے کہ صوبے کے اندر، کیونکہ جب ہم بات کرتے ہیں تو ہم اپنے Province کی حد تک بات کرتے ہیں کہ Over all اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اتنی صورتحال خراب نہیں لیکن اس کے باوجود اس صوبے کے اندر بھی کام کی بڑی گنجائش ہے امن ہو گا تو Investment آئے گی اور Investment آئے گی تو غربت اور بے روزگاری ختم ہو گی۔ اس لیے ہم نے یہاں روزگار کے لیے بھی اور باقی شعبوں میں بھی میں نے اپنی

تقریروں میں بھی جو Sick industries ہیں اس کے بارے میں بھی بات کی، زکواۃ بیت المال کے بارے میں بات کی، Police reforms کے بارے میں بات کی، Judicial reforms کے بارے میں بات کی کہ ہم لوگوں کا اور کام کیا ہے؟ ہمیں بٹھایا جائے، کمیٹی بٹھائی جائے اور ان کو Monitor کیا جائے کہ ان کی رپورٹس دیتے وقت پر آئیں تاکہ ہم اس سلسلے میں Concrete تجاویز لائیں اور روزگار کی فراہمی یقینی ہو اس صوبے کے اندر، اس سے آپ دیکھیں گے کہ Crimes کی شرح Eighty percent نیچے چلی جائیگی اور لوگ امن اور سکون کا سانس لیں گے اور اسی سے صوبہ ترقی کی منازل طے کریگا۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ پولیس کے اوپر گرفت مضبوط کرنے کی ہر جگہ ضرورت ہے لیکن ایک قصور ہم لوگوں کا بھی ہے کہ جو لوگ Power میں اور اقتدار میں ہوتے ہیں، MNAs ہیں MPAs ہیں، ناظمین ہیں یا کوئی بھی ہے ہم بھی ایک عہد کریں کہ ہم پولیس کو کسی غلط طور پر استعمال نہیں کریں گے (تالیاں) کوئی صاحب اقتدار خواہ وہ ٹریژری بینچز یا اپوزیشن میں ہوں، پولیس کو اپنے سسٹم کے تحت چلنے دینا چاہیے اور ہمیں اس میں مداخلت غلط طریقے سے نہیں کرنی چاہیے۔ لیکن پولیس کے اوپر چیک ضرور ہونا چاہیے کہ وہ بھی تھانوں کو عقوبت گاہیں نہ بنائیں اور کسی شریف آدمی کی پگڑی نہ اچھالیں اور کسی بے گناہ کے اوپر ایف آئی آر کاٹ کر اس کو پابند سلاسل نہ کریں۔ اس کے لیے یہ ایوان موجود ہے۔ یہاں ہم بیٹھ کر تجاویز لائیں اور حکومت کو اس پر عمل کرنا چاہیے۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ کچھ گفتگو ہو رہی تھی ملک میں اب اللہ کے فضل سے استحکام کا دور شروع ہونے والا ہے اور آئے گا اور جس سے یقینی طور پر ملک۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: پلیز، پلیز۔

جناب مشتاق احمد غنی: ترقی کی منازل طے کریگا۔ جناب والا! ابھی ایم ایم اے نے جو الائنس کیا ہے حکومت کے ساتھ۔۔۔۔

(شور/تالیاں)

آوازیں: الائنس نہیں کیا ہے۔

جناب مشتاق احمد غنی: اس معاہدے پر جو دستخط کئے ہیں، میں اپنے الفاظ واپس لیکر دوبارہ دہراتا ہوں جو معاہدہ کیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ وہ پاکستان کے بہترین مفاد میں ہے، جمہوریت کی گاڑی کو پٹڑی پر رواں دواں رکھنے کے لیے اور اس سسٹم کو چلانے کے لیے یہ وقت کی اشد ضرورت تھی۔ جناب والا! اور یہ آغاز گورنمنٹ نے خود کیا تھا تمام اپوزیشن کے ساتھ، صرف ایک جماعت کے ساتھ نہیں، تمام کے ساتھ کہ مل بیٹھ کر کوئی ایسا لائحہ عمل تیار کریں کیونکہ حکومت یہ سمجھتی تھی اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ایل ایف او آئین کا حصہ تھا اور ہے لیکن چونکہ اپوزیشن نے اس پر احتجاج کیا تو حکومت نے لچک کا بھرپور مظاہرہ کیا اور انہوں نے تمام اپوزیشن کو Invite کیا اور وہ ڈائیلاگ ایک سال تک چلتے رہے، بعض جماعتیں شامل نہ ہو سکیں لیکن ایم ایم اے نے۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: میرے خیال میں مشتاق غنی صاحب، آپ لاء اینڈ آرڈر پر بات کریں۔

جناب مشتاق احمد غنی: میں سمجھتا ہوں کہ اس کے بعد استحکام پیدا ہو گا اور لاء اینڈ آرڈر بھی Improve ہو گا۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔

جناب بشیر احمد بلور: پوائنٹ آف آرڈر جی۔ سپیکر صاحب بات یہ ہے کہ یہ جو۔۔۔۔

(شور/قطع کلامیاں)

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: جناب اس بات کا لاء اینڈ آرڈر کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔۔۔۔

(شور/قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: لاء اینڈ آرڈر پر بات کریں۔۔۔۔

(قطع کلامی/شور)

جناب انور کمال خان: پوائنٹ آف آرڈر۔ اگر امن وامان کی آڑ میں ایل ایف او Discuss کرنا چاہتے ہیں تو پھر آپ ہمیں بھی یہ موقعہ دیں ہم بھی پھر اپنا حق مانگیں گے ہم بھی ایل ایف او پر بحث کرینگے۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب مشتاق احمد غنی</u>: ملک ترقی کریگا تو اس ملک سے غربت بھی ختم ہو گی اور پھر اسمبلی میں اچھی قانون سازی بھی ہو گی۔ جب قانون سازی ہو گی تو جیسے عوام چاہیں گے تو تب ہی کوئی ملک ترقی کی منازل طے کر سکتا ہے اور روزگار کے دروازے کھل سکتے ہیں۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>Ms Riffat Akbar Swati</u>: Excuse me sir for a minute.

یہ شور اتنا زیادہ ہے کہ کچھ سمجھ ہی نہیں آرہی۔

<u>جناب سپیکر</u>: بس آرڈر ہے، بالکل ہاؤس ان آرڈر ہے۔ پلیز آرڈر، پلیز آرڈر۔

<u>جناب مشتاق احمد غنی</u>: غلط بات میں نے نہیں کی جناب۔ میرے دوست ہیں سارے، میں نے یہ نہیں کہا کہ کوئی ایسی بات ہے میں نے یہ کہا کہ ایک معاہدہ ہوا ہے، میں نے اس معاہدے، معاہدہ ہوا ہے آئین کی۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر صاحب! ان کو کہیں کہ معاہدے کی بات جو ہے یہ پھر بعد میں کر لیں پہلے جو لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے کیونکہ ہمارے صوبے کو اس وقت اس کی ضرورت ہے پلیز۔۔۔۔۔

(تالیاں)

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر! ہم مشکور ہیں ان کے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی لاء اینڈ آرڈر کی سچویشن پر بات ہو رہی ہے۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب مشتاق احمد غنی</u>: آپ سے میری یہی گزارش ہے تھی اور میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔ تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو۔ شہزادہ محمد گستاسپ خان صاحب۔۔۔۔

(تالیاں)

شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف): سر! میں بڑا مشکور ہوں حکومتی بینچز کا کہ انہوں نے میرا بڑا خیر مقدم کیا اور میں یہ امید رکھتا ہوں کہ سارے معاملوں میں یہ اپوزیشن کے ساتھ تعاون کرتے رہینگے۔ جناب والا! میں آپ کا شکر گزار ہوں یہ بڑی Important debate ہے اور اس ڈیبیٹ کو گورنمنٹ سائیڈ کو بڑا Seriously لیناچاہیے کیونکہ ہم یہاں بیٹھے ہیں To discuss the welfare of the peoples of this province. اور ہماری جو تجاویز ہیں وہ کوئی ہماری ذات کے لیے نہیں ہوتیں وہ اس صوبے کے عوام کے لیے ہیں جہنوں نے ہمیں مینڈیٹ دے کر یہاں پر بھیجا ہے۔ سر، سچوئیشن لاء اینڈ آرڈر کی آئیڈیل نہیں ہے۔ لیکن یہ بھی نہیں ہے کہ اس کا particularly ہمیشہ سے حکومتی طرف ذمہ دار ہوتی ہے۔ انکی ذمہ داری ہے لیکن یہ ذمہ داری سب کی Share کرنے کی ذمہ داری بھی ہے اور یہ ذمہ داری (تالیاں) انتہائی اہم ذمہ داری ہے جب شہری محفوظ نہ ہوں، جب اضلاع۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! گستاسپ خان موقف کیوں بدل گیا ہے یہ تو چڑے کی زبان ہے اور اتنی جلدی یہ پھسل گئے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ جناب سپیکر،۔۔۔۔

(شور، تالیاں، قہقہے)

جناب سپیکر: جی۔

ملک ظفر اعظم وزیر قانون: جناب ہم اپوزیشن لیڈر کے مثبت رویے کی پہلے ہی تعریف کر چکے ہیں۔

جناب سپیکر: جی۔ شہزادہ گستاسپ خان صاحب۔

قائد حزب اختلاف: میں انکی تعریف کا بھی مشکور ہوں۔

مولانا امان اللہ: پوائنٹ آف آرڈر سپیکر صاحب!

جناب انور کمال خان: پتہ نہیں ان کو آپ نے کیا سونگھا دیا ہے؟

مولانا امان اللہ: جناب سپیکر صاحب! جناب عبدالاکبر خان صاحب پہ تقریر دوران کښې ځوک لږ ځان اوخوزوی نو هغه ډیر زیات خفه کیږی او پخپله چې کله بل ملګرے خبره کوی نو هغه پکښې Disturbance پیدا کوی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی جی۔

قائد حزب اختلاف: انور کمال خان صاحب سے ریکویسٹ کرونگا آپ کی وساطت سے کہ پہلے وہ مؤقف سن لیں اور پھر اس کے بعد وہ اپنی رائے کا اظہار کریں۔ اور ہم ان کی رائے کو Welcome کرینگے۔ اور میں یہ بھی ریکویسٹ کرونگا۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: بہت اہم تقریر ہے لیڈر آف دی اپوزیشن کی، میں نے فلور ان کو دیا ہے۔ آپ، جی۔

قائد حزب اختلاف: پورے ہاؤس سے کہ This debate should be taken very seriously by both side. عبدالاکبر خان صاحب بھی اسے Seriously لیں، حکومتی بینچز بھی اسے Seriously لیں اور جو بھی انہوں نے رائے کا اظہار کرنا ہے اپنی باری پر ضرور کریں۔ جناب والا! میں یہ عرض کر رہا تھا اور I hope I will not be interrupted now

جناب سپیکر: بالکل نہیں۔

قائد حزب اختلاف: میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ صوبہ ضلعوں پر مشتمل ہے اور میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ حکومت جب بھی جواب دے گی لاء اینڈ آرڈر سچویشن پر، تو حکومت ہمیشہ یہ جواب دے گی، ہم بیانات بھی اخبارات میں پڑھتے رہتے ہیں کہ ہمارے صوبے کی پوزیشن دوسرے صوبوں سے لاء اینڈ آرڈر میں اچھی ہے۔ نہیں، یہ اسکا جواب نہیں ہوتا۔ ہم لاء اینڈ آرڈر کو جب Compare کرتے ہیں، لا اینڈ آرڈر سچویشن کو، لاء اینڈ آرڈر کے معاملات کو تو اپنے صوبے کے لحاظ سے اسکا Comparison کرتے ہیں۔ ہم اس سال کی سچویشن کو پچھلے سال کی سچویشن سے Compare کرینگے اور اگر ہم Improvement دیکھیں گے کہ پچھلے سال کی نسبت ہماری لاء اینڈ آرڈر کی سچویشن اس سال بہتر ہے تو پھر ہم کہیں گے کہ ہاں ہم نے کچھ Improvement کی ہے۔ اگر ہم یہ کہیں گے کہ بلوچستان میں دو سو آدمی مارے گئے اور صوبہ سرحد میں

نہیں مارے گئے تو اس سے ہمارے سچویشن بہتر ہے، یہ ہمیں تسلی نہیں دیتی۔ یہ کوئی خوشی کی بات نہیں ہے۔ خدانخواستہ وہاں اگر کوئی نقصان ہو رہا ہے، وہ بھی اچھا نہیں ہے لیکن ہم اپنے صوبے کے حالات کیمطابق اپنے لاء اینڈ آرڈر سچویشن کو Compare کرینگے جناب والا! ایک بڑا سخت زمانہ تھا جب اسلام نیا تھا، جب اسلام نیا نیا خداوند کریم کی طرف سے مسلمانوں کے لئے آیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ تھا جس میں اس سے پہلے لوگ اپنی بچیوں کو زندہ درگور کر دیتے تھے۔ ایک ایک کنوئیں پر لوگ سینکڑوں سال لڑتے تھے، ایک دوسرے کو مارتے تھے، وہ بڑا ایک بھیانک دور تھا لیکن جب ایک قانون کا نفاذ خداوند کریم کی طرف سے ہوا اور اس قانون کی Implementation ہوئی تو وہ معاشرہ جو صدیوں سے خراب تھا، تھوڑے عرصے میں ٹھیک ہو گیا۔ وہ کس لئے ٹھیک ہوا؟ کہ وہ قانون جو آیا تھا، وہ قانون نفاذ کے لئے آیا تھا، وہ نافذ ہونے کے لئے آیا تھا۔ Rule of law establish ہوا تو ہر شعبے میں مسلمانوں نے ترقی کی ہر شعبے میں اس ریاست نے ترقی کی، ہر شعبے میں مسلمان آگے بڑھے اور وہ قانون جب نافذ ہوا تو ساری دنیا کے لئے ایک مثال بن گئی اور ساری دنیا اس طرف رجوع کرنے لگ پڑی۔ جناب سپیکر! قانون بھی بہت بنے، انگریزوں کے دور سے اب تک قانون بنتے آرہے ہیں۔ انگریزوں کے دور سے جب سے اس ملک میں جمہوریت کا نفاذ ہوا ہے تب سے ان ہاؤسز میں تقریریں ہو رہی ہیں، تب سے ان ہاؤسز میں تجاویز آرہی ہیں، تب سے ان ہاؤسز میں لیجلیشن ہو رہی ہیں لیکن مجھے یہ بتایا جائے کہ کیا اس پسماندہ دور میں جسے ہم کہتے ہیں کہ صدیوں پرانا دور تھا اور اس میں جب قانون کا نفاذ ٹھیک ہوا تو اتنا غلط معاشرہ جو ہے، وہ ٹھیک ہو گیا اب تو Educational Institutions بھی ہیں، ابھی تو بڑے اچھے اچھے کالجز بھی ہیں، بڑے اچھے اچھے ٹریننگ سنٹرز بھی ہیں، اب تو ان کے مقابلے میں روزگار بھی زیادہ ہے، سہولت بھی زیادہ ہے سب کچھ ہے لیکن ہمارا ملک ترقی کیوں نہیں کر رہا؟ یہ اس کی Reason نہیں ہے سر، بے روزگاری بھی ہے ظاہر ہے۔ غریب ملک ہے، یہاں پر اور بھی بڑے بڑے نقائص ہیں، بڑی بڑی باتیں ہیں جن سے اس ملک کے عوام محروم ہیں۔ بڑی بڑی لوگوں کو تکالیف ہیں لیکن میں یہ پوچھتا ہوں کہ قانون بھی تو ہے، قانون اسی لئے ہے کہ وہ چیزیں دور کریں۔ قانون اسی لئے ہے کہ جس کا نفاذ ٹھیک ہو، جس کی Implementation ٹھیک ہو۔ اگر قانون کا نفاذ ٹھیک ہو، اس علاقے کی Suitability کے مطابق ہو

تو آپ یقین مانیں سر، باقی مسئلے خود حل ہوجائیں گے۔ آپ سعودی عرب کو دیکھ لیں، قانون Implement کرنے میں کوئی رعایت نہیں دی جاتی۔ ہم جن ملکوں کو Civilized ملک کہتے ہیں، وہ Civilized کس لئے ہیں؟ وہاں پر ملک کا کوئی بارسوخ سے بارسوخ آدمی بھی قانون سے بالاتر نہیں ہے۔ اگر ٹریفک کے اشارے کی کوئی خلاف ورزی کرتا ہے تو وہ چالان ہوتا ہے۔ وہ اگر غلط راستے پر چلتا ہے وہ چالان ہوتا ہے۔ جناب! قانون سب سے پہلی چیز ہے، قانون Implement ہوگا تو ملک ترقی کریگا۔ قانون ہی جس ملک میں نہیں ہوگا تو وہ معاشرہ، معاشرہ نہیں کہلائے گا اور وہ سول سوسائٹی نہیں بن سکتی۔ تو جب بھی قانون کی بات ہوتی ہے یعنی گورنمنٹ سامنے بیٹھی ہے، گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے لیکن یہاں تجویز دینا ہماری بھی ذمہ داری ہے۔ یہاں مسئلے کو اٹھانا، جہاں پر ہم دیکھیں غلطی ہو رہی ہے تو یہاں پر اس کی نشاندہی کرنا ہماری بھی ذمہ داری ہے اور میں یہ بھی ریکویسٹ کرونگا جناب، تجویز کو تجویز لیا جائے، اچھی بات کو اچھی بات سمجھا جائے، اسے ضد میں نہ لیا جائے کہ حکومت کو کوئی اچھی تجویز آئے تو وہ اسے، میں نے یہاں اسی فلور پر کہا تھا کہ اچھی بات کو ہر ایک اچھی بات کہتا ہے۔ اگر قانون کا نفاذ صحیح ہو رہا ہے، ہم وہ بات ضرور کرینگے۔ سراج الحق صاحب نے این ایف سی پر لاہور سے بات کی، وہ بھی ہم نے اس میں مان لی کہ انہوں نے مشورہ کیا ہے ہم سے، تو اچھی بات تھی۔ ہم اچھی بات کو مانتے ہیں لیکن اگر اسطرح دی جائے کہ چیف منسٹر بیٹھے ہوں، سینیئر منسٹر بیٹھے ہوں، آج لا اینڈ آرڈر پر Debate ہے، It's a very important debate، لاء اینڈ آرڈر کا ذمہ دار شخص نہیں ہے یہاں پر، ٹھیک ہے۔ The cabinet is collectively responsible لیکن اختیار ایک آدمی کے پاس ہے۔ جب وہ نہیں ہے تو اب تجویز کس کو دیں۔ ٹھیک ہے سراج الحق صاحب۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: میرے خیال میں آپ کیبنیٹ کو Under estimate نہ کریں The cabinet is collectively responsible اور یہ Constitution requirement ہے اور آئی جی صاحب بھی تشریف رکھتے ہیں۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: جناب والا! میں گزارش کرتا ہوں لیکن It is very important subject یہ ہمارے لئے اتنا Important ہے یا نہیں ہے لیکن It is very important for the chief Minister, who is honourable Member of this House and he is a

responsible person ہم تو اس کی Responsibility کی اسے تجویز دے رہے ہیں کہ ایسے موقع پر انہیں ہاؤس میں ہونا چاہیئے۔ بہر حال وہ نہیں ہیں تو It's all the more better کیونکہ سراج الحق صاحب اس بات کو زیادہ اچھی طرح سے سمجھیں گے جناب والا! اب میں اسطرف آؤنگا کہ ہمارے سامنے جو حکومت بیٹھی ہے، الحمدللہ یہ بات کے تابعدار ہیں اور ہم ان کے ساتھ اس بات میں شریک ہیں، شریعت کے نفاذ میں ہم ان کیساتھ شریک ہیں، شریعت کے قانون کو Implement کرنے میں ہم ان کیساتھ شریک ہیں، (تالیاں) ہم مسلمان ہیں۔ ہم مسلمان ہیں، ہم نے پاس کیا ہے یہاں پر ایک قانون اور اس کی پاسداری کرنا ہمارا فرض ہے۔ ہم اس پر Back Track نہیں کرینگے ہم اس پر ساتھ چلنے کو تیار ہیں لیکن کہاں ہے قانون؟ کدھر سے قانون؟ لائیں، ملک کے فلاح و بہبود کے لئے، ہم آپ کے ساتھ تعاون کرینگے۔ اسے لائیں، لوگوں کو سہولت ملے، لوگوں کی تکالیف دور ہوں۔ ایک قانون کا نفاذ نہیں ہوتا، دوسرے قانون کا نام نہیں لیا جاتا، دوسرے قانون کو کھینچ کر لایا جاتا ہے۔ پہلے ایک کا تو نفاذ کریں اس میں آپ کامیاب ہوں، ہم سارے ملکر کامیاب ہوں پھر دوسرا قانون آئے۔ جناب والا! اب میں فیلڈ کی طرف جاؤنگا۔ صوبہ ایک پشاور پر مشتمل نہیں، صوبہ کیپٹل سٹی پر مشتمل نہیں، صوبے میں ہزاروں دیہات ہیں، صوبے میں جنگلات ہیں، صوبے میں ادارے ہیں، صوبے میں چھوٹے چھوٹے دیہات ہیں اور وہ دیہات گھروں پر مشتمل ہیں اور اگر ایک گھر بھی معاشرے میں ایک ماحول میں ایک تھانے کی حدود میں، تکلیف میں ہے تو وہ پورے تھانے کے عوام تکلیف میں ہیں ایک جگہ پر قانون پائمال ہوتا ہے تو سارے صوبے میں اس کی چیخ و پکار آتی ہے۔ جناب والا! اب زمانہ بدل چکا ہے۔ اب زمانے میں سہولیات آگئیں ہیں۔ اب اس ماحول کو بہتر ہونا چاہیئے۔ یہاں پر تعلیم آچکی ہے، یہاں پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اس زمانے کی، پرانے زمانے کی نسبت آج بھی انگریزوں کے دور کو کیوں یاد کرتے ہیں؟ انگریز مسلمان نہیں تھے، مسلمان حکومت نہیں تھی، سامراج تھا لیکن چونکہ انصاف وہ دے رہے تھے، آج بھی کہتے ہیں کہ یار اس زمانے میں انصاف تھا اور اس زمانے میں انصاف میسر نہیں آرہا۔ انصاف، یہ کہا جاتا ہے یہ قول ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا، کہ کفر کی حکومت تو چل سکتی ہے، ظلم کی حکومت نہیں چل سکتی۔ ۔۔(تالیاں)۔۔۔ اب تعریف کرنی ہے کہ ظلم کیا ہے؟ جہاں پر ظلم ہوگا، قانون پامال ہوگا وہاں پر لوگ

اٹھیں گے، لاء اینڈ آرڈر کی سچویشن بنے گی تو اب تو Prevention کا زمانہ ہے۔ جب ہم کہتے ہیں صحت کی پالیسی ڈسکس کرتے ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ Preventive measures لی جائیں تاکہ بیماری نہ اٹھے۔ بیماری کو جڑ سے ختم کیا جائے۔ ایسی صاف شفاف جگہ پیدا کی جائے جہاں پر کسی کو انٹی بیاٹک دینے کی ضرورت نہ پڑے مچھر پیدا نہ ہوں تو ملریا نہیں آئے گا۔ اب تو وہ زمانہ ہے۔ تو اب ایک بہت بڑا مسئلہ جو کہ لاء اینڈ آرڈر کا پیدا ہو سکتا ہے تو ایسے Action لئے جائیں کہ لاء اینڈ آرڈر کی سچویشن پیدا ہی نہ ہو۔ اور وہ کیسے ہو گی؟ ہر تھانے میں تھانے کی Suitability سے میرٹ پر تھانیدار پوسٹ کیا جائے۔ ایک ضلعے میں ضلعے کی Suitability پر ایس ایس پی کو Import نہ کیا جائے اور سارا ہزارہ ڈویژن Imported لوگوں کے حوالے نہ کیا جائے۔ سارا ملاکنڈ ڈویژن Imported لوگوں کے حوالے نہ کیا جائے۔ اسطرح سارے صوبے کو جناب والا، وہ آفیسر لگایا جائے جو اس ڈویژن کو، اس سرکل کو، ایس ایس پی اس ضلع میں ہو جو ان لوگوں کے Traditions کو، کلچر کو، حالات کو سمجھتا ہو، موقعے کی مناسبت سے فیصلے کر سکتا ہو، ادھر کے لوگوں کی عزت کر سکتا ہو، اس ماحول کو سمجھ سکتا ہو اور وہ ضلعے کو چلا سکتا ہو، تو یہ سر، میں اس لئے نہیں کہہ رہا کہ کوئی میرا ذاتی مسئلہ ہے۔ میرا کوئی ذاتی مسئلہ نہیں ہے۔ خداوند کریم مہربانی کرے کوئی جرم کا ارتکاب ہم سے نہ ہو۔ تاکہ ہمیں کوئی ایسی چیز Face نہ کرنی پڑے۔ میں یہاں پر یہ گزارشات اس لئے کر رہا تھا کہ یہ نوٹ کرنے کی باتیں ہیں جو میں نے کی ہیں۔ یہ Meaning-full باتیں ہیں کہ کوئی آفیسر جو کہ علاقے کی Suitability کے خلاف پوسٹ ہو گا اور اس کے مقاصد، خدمت کرنے کے علاوہ کوئی اور ہونگے تو لاء اینڈ آرڈر کی سچویشن ضلع میں پیدا ہو گی اور پھر وہ صوبے تک پھیلے گی۔ سارے لوگ مایوس ہونگے، محروم ہوں گے، ان کی محرومیوں میں مزید اضافہ ہو گا اور پھر اس کے نقصانات حکومت کو Face کرنے پڑیں گے۔ تو میں یہ اس لئے کہہ رہا تھا کہ اگر، اب سینیئر منسٹر بیٹھے ہیں The cabinet is collectively responsible بحث کے لئے نہ ہو۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

<u>جناب شاد محمد خان:</u> جناب سپیکر صاحب!

<u>جناب انور کمال خان:</u> جناب شاد محمد خان کے دماغ پر بارہ بج گئے ہیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، شاد محمد خان۔

جناب شاد محمد خان: ستنے سورے شوې، د ولس بجے شوې او د ممبرانو شنډے اوچے
ستر گے سرے شوې (قہقہے/تالیاں) نو د چائے غږ او کړه۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب! شاد محمد صاحب کی بات نہ سنی جائے۔ انہوں نے ہم سے پیسے چھینے ہیں اور ابھی تک واپس نہیں کئے ہیں اور میں ان کے خلاف رپورٹ درج کرنے والی ہوں۔

جناب سپیکر: جی ٹھیک ہے۔ جی۔

قائد حزب اختلاف: سر! چائے میرا خیال ہے کہ اب ضروری ہے اور باتیں بھی بامقصد جو ہم نے کرنی ہیں۔ (شور)

جناب سپیکر: آرڈر پلیز۔

قائد حزب اختلاف: تو میرا خیال ہے میں اپنی باتیں ختم کروں۔ تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: سراج صاحب! آپ Conclude کرتے ہیں۔ اچھا میرے خیال میں اپوزیشن لیڈر کی تقریر کے بعد تو اور موزوں نہیں رہے گا تو Tea break کے بعد ہم حکومت کو Windup کے لئے زحمت دینگے

The House is adjourned for tea break.

(اس مرحلہ پر اجلاس کی کارروائی چائے کے لئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: اسلام علیکم۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! ماته اجازت دے اوس ؟ ماته بهر د چترال خلق راغلي وو هغوي يو خط راکړے دے که اجازت وی نو ستاسو په وساطت حکومت ته ريکويسټ کوم۔ اجازت دے ؟

جناب سپیکر: جی۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! ډيره مهرباني۔ د چترال يو وفد اوس بهر راغلي وو، هغوي وئيل چې زمونږ چترال کبنې PET پوستونه دی نو هغه چې کوم Nominate کيږی، هغوي کبنې زمونږ د چترال لوکل خلق چې دی، هغوي G.D.P يو کورس دے د دوه کالو، هغه ئے کړے دے خو د هغوي لا ريزلټ نه دے

ووتے۔دمحکمه تعلیم هلته چې کوم D.E.O دے یا کوم سړے چې Appointments کوی،هغه بهر نه خلق راځی چې هغوې هم کورس نه دے کړے ،نو داخوست دے حکومت ته چې چترال غریزه علاقه ده۔،هغه Under developed علاقه ده،دهغه علاقے خلقو ته د Preference ملاؤ شی۔نو زما دا خواست دے چې حکومت د دا مهربانی اوکړی چې دا د په دې بنیاد اوکړی چې Preferenceد چترال خلقو ته ملاؤ شی چې کوم دا لوکل خلق دی۔بهر نه د خلق ورته نه راځی دا د حکومت پالیسی هم ده او دا دانصاف تقاضه هم ده۔

جناب سپیکر: جی،حافظ اختر علی صاحب۔

مولاناعبدالرحمن: جی جو بشیر احمد بلور صاحب نے جو پوائنٹ اٹھایاہے میں اس کی حمایت کرتاہوں یہ ضروری ہے۔

جناب سپیکر: جی،بشیر بلور صاحب نے تو۔۔۔۔۔

مولاناعبدالرحمن: جی جی،جو کورس مکمل کر چکے ہیں اور جو تربیت یافتہ ہیں پہلے ان کو لیاجائے اور اس کے بعد دوسرے آدمیوں کو لیاجائے۔

حافظ اختر علی(وزیر آبپاشی): جی۔ان شاءاللّٰه په دې حوالے سره مونږه به په دې باندې همدردانه غور کوؤ او ان شاءاللّٰه دغه د منتخب اراکینو د خواهشاتو او دهغوې د فیصلے مطابق او دعوامو دامنګونو مطابق به مونږ کارروائی کوؤ په دې باندې۔

جناب سپیکر: جی۔اسراراللّٰه خان گنڈاپور صاحب!

## نیشنل ہائی وے اتھارٹی کا ممبران اسمبلی سے موٹر ویز پر ٹال ٹیکس لینا

جناب اسراراللّٰه خان: شکریہ،جناب سپیکر۔جناب سپیکر! میں ایک عرض کرتا چلوں کہ یہ مسئلہ جو میں بیان کر رہا ہوں،اسمبلی میں کئی بار اٹھا ہے لیکن اس کا کوئی موثر حل ابھی تک ہم نے دریافت نہیں کیا۔جناب سپیکر! آپکو علم ہوگا این۔ایچ۔اے والوں نے Taxes لگائے ہیں اگرچہ ہمارے جو Privileges ہیں،ان میں ہم کو Exempt کیا گیا ہے لیکن ابھی این۔ایچ۔اے نے پتہ نہیں کس غرض سے بڑے بڑے بورڈز بھی لگائے ہیں کہ ملٹری کے جو جرنیل ہیں۔،وہ اس سے مستثنیٰ ہیں اور باقی وہاں پر

نہ ممبران اسمبلی کا ذکر ہے،نہ سینیٹرز کا ذکر ہے اور نہ ایم۔این۔ایز کا ذکر ہے۔اگر ایک لاء ہے تو جناب سپیکر،لاء تو یہ ہے کہ جو ہمارا پراونشل لاء ہے۔ایک ایکٹ ہے تو اس میں ہماری Privileges جو ہیں،وہ Ensure کی گئی ہیں۔دوسری سائیڈ سے ایک نوٹیفیکیشن ہے جو این۔ایچ۔اے کا ہے۔ابھی جناب سپیکر، اگر ہمارے Privileges ہوتے تھے تو وہ کسی Federal law کے لئے In-consistent ہوتے تھے تو پھر وہ Prevail کرتا لیکن چونکہ ہمارے Privileges ہیں۔پراونشل لاء ہے اور این۔ایچ۔اے والے ہم سے اپنے صوبے کے اندر اپنا حق مانگتے ہیں۔جناب سپیکر! ہم اسلام آباد یا کسی اور جگہ میں نہیں مانگتے،اپنے صوبے میں، میں جب ڈی۔آئی۔خان جاتا ہوں تو دو جگہ پہ این۔ایچ۔اے کے پلازے ہیں،دو جگہ پر ٹیکسز ہم دیتے ہیں۔بات ٹیکس دینے یا نہ دینے کی نہیں ہے۔بیس روپے سے کسی کو فرق نہیں پڑتا۔جو آدمی گاڑی رکھتا ہے وہ ٹیکس دے سکتا ہے لیکن یہ ہمارا Privilege ہے جس کی وجہ سے اور پتہ نہیں کس نیت سے انہوں نے بڑے بڑے بورڈز بھی لگائے ہیں کہ ملٹری والے اور فلاں فلاں اس سے مستثنیٰ ہیں اور نہ اسمیں ایم۔پی۔ایز کا ذکر ہے اور نہ ایم۔این۔ایز کا ذکر ہے۔چونکہ آپ ہاؤس کے rights کے Custodian ہیں۔مہربانی کرکے ٹریژی بنچز سے کہیں کہ اس کا کوئی حل نکالیں۔

<u>جناب اکرام اللہ شاہد(ڈپٹی سپیکر):</u> جناب سپیکر،جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی،جناب ڈپٹی سپیکر صاحب!

<u>جناب اکرام اللہ شاہد(ڈپٹی سپیکر):</u> سر! دا ،معزز رکن سردار اسرارالله خان صاحب ګندا پور چې کومه مسئله اوچته کړله نو په دې باندې دلته زمونږه معزز ممبر مولانا عصمت الله خان صاحب يو تحريک استحقاق پيش کړے وو چې د ټول ټيکس پلازه باره کښې کومه خبره ده چې ټول ټيکس د ايم۔پی۔اے نه آخلی نو هغې باندې مونږه پريويلجز کميټۍ ميټنګونه اوکړل او هغې کښې مونږه اين۔ايچ۔اے کسان راغوښتل،ډائريکټرز۔ليګل ايډوائزر،مونږ ورته وايو بهئ چې زمونږه د Privilege act چې کوم دے ، ديکښې تمام ايم۔پی۔ايز Within the Province هغه ټول ټيکس نه Exempted دی۔هغوې وائی چې زمونږه د اين۔ايچ۔اے يو پاليسی ده او پاليسی مونږه تمام صوبائی اسمبلو ته او قومی اسمبلی ته،سينيټ ته Pass on کړې ده او ورته مو وئيلے دی چې يو

ممبر،ایم۔پی۔اے،ایم۔این۔اے یا سینیټر د این۔ایچ۔اے دپالیسئ مطابق د ټول ټیکس نه مستثنیٰ نه دے،نو ما ورته اووئیل چې تاسو مهربانی اوکړئ۔کمیټئ ورته اووئیل چې تاسو دیکښې د این۔ایچ۔اے ایکټ مونږ ته اوښایئ۔این۔ایچ۔اے ایکټ چې مونږ اوکتو په این۔ایچ۔اے ایکټ کښې د دې هیڅ قسم Provision نشته چې این۔ایچ۔اے اتهارټی ته دا ختیار حاصل وی چې یو ایم۔پی۔اے دټیکس نه د مستثنیٰ کیدو نه بهر کړی۔مونږ خو ورته وئیلے وو چې ستاسو د این۔ایچ۔اے پالیسی وی زمونږه ایکټ چې کوم دے دا داسمبلئ نه پاس شوې دے۔دا تاسو Over rule کولے نه شئ نو هغې کښې مونږ بیا آخری فیصله دا اوکړله او مونږ په دیکښې چټئ منسټر مواصلات ته هم لیکلے ده او پرائم منسټر صاحب ته مو هم لیکلے ده چې زمونږه د ایکټ مطابق دا تمام ایم۔پی۔اے دټول ټیکس نه مستثنیٰ دی او که تاسو این۔ایچ۔اے ته هدایت ورکړئ او که دوئ په هغې کښې بیا هم څه اوکړل څه Law and Order situation ariseشو نو دهغې به تاسو ذمه دار یئ،نو دیکښې مونږ کارروائی کړې ده جی۔

جناب بشیر احمد بلور: زما دا عرض دے چې زمونږه چیئر مین صاحب دپریویلج کمیټئ ته، دا چې یوشے قانون کښې نشته او ستاسو پریویلج Shatter کیږی او ستاسو د Privilege احترام نه کیږی نو تاسو د هغوې خلاف ایکشن ولے نه آخلئ چې تاسو President ته لیکئ؟

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: جی بشیراحمد بلور صاحب،ماهم دا خبره کوله کومه چې تاسو اوکړه۔زما خبره واوره بیا که پکښې گنجائش پاتے شو،تر څو پورے چې زمونږه دپریویلج ایکټ تعلق دے،دے معزز ایون دا ایکټ پاس کړے دے او هر یو معزز رکن ته هغه پریویلجز حاصل دی۔تر څو پورے چې دا یعنی د Constitution سره یعنیIn contradiction نه وی، تر څو پورے چې د دې صوبے دحده پورے تعلق دے، په دې باندې به من و عن دهغې True spirit باندې به عمل کیږی۔زه د پریویلجز کمیټئ معزز ممبرانو ته او دهغوې چیئرمین ته وایم چې هغه دے نه مرکزی حکومت ته خط لیکی مطلب دادے داین۔ایچ۔اے ډائریکټر ته نه

چیئرمین ته۔ څوک چې اتهارټي دی۔دوئ د فوراً خپل Proceedingجاری اوساتی او چا چې زمونږ پریویلج ایکټ چې کوم مونږه یعنی دے معزز ایوان پاس کړے دے او هغې د ایکټ شکل اختیار کړے دے او د هغې چا Violation کړو نو مونږه یعنی مطلب دا دے We should take then to task

(تالیاں)

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر صاحب ! زه مشکوریمه،تاسو ډیره ښه،خبره اوکړله خو زه خالی دیکښې دا عرض کول غواړمه چې پریویلجز کمیټۍ کښې یوIndividual caseبهDiscuss کیږی او هغه به یو Individual case وی چې پریویلجز کمیټی په هغې باندې خپل فیصله واخلی نو هغه به بیا لاء کیمیټۍ ته ځی چې کوم نه دوئ به ریفر کوی نو هغوی به د هغې خلاف ایکشن اخلی۔دا به جناب والا یوIndividual caseوی،هره ورځ به دا معزز اراکین د دې اسمبلئ روان وی او د هغوی پریویلج به Breach کیږی،زمونږه خالی ریکویسټ دا دے چې په دې باندې دهاؤس دطرف نه،ستاسو د طرف نه یو رولنګ راشی For all--------

جناب سپیکر: رولنګ ما انور کمال خان، ورکړو او چې څوک د دې یعنی هر څوځله Violation کوی کنه نو مطلب دا دے چې مونږ به هغه Spare کوؤ نه۔زمونږ سره دغه لار ده لکه۔

جناب انور کمال خان: بس دا رولنګ پکار دے جی چې کم از کم د دې پریویلجز ایکټ خو کم از کم دا-----

جناب سپیکر: بس رولنګ اوشو جی۔

جناب قلندر خان لودھی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔جناب! میں آپکی وساطت سے اس ایوان سے گورنمنٹ کو-----

جناب سپیکر: جناب قلندر خان لودھی صاحب-----،

جناب قلندر خان لودھی: یہ آپ نے کہا تھا کہ چونکہ ان کے بعد میں نے بولنا نہیں ہے۔تو میرا خیال تھا کہ میں لاء اینڈ آرڈر پر بولوں گا۔اس وقت اس پوائنٹ کو-----

جناب سپیکر: میرے خیال میں مجھے جتنے نام موصول ہوئے ہیں۔اور سارے معزز اراکین اسمبلی نے مجھے چیمبر میں آکر گلہ اور شکوہ بھی کیا، میں نے ان سے استدعا کی کہ چونکہ ٹائم بہت کم ہے تو میرے خیال میں۔۔۔۔۔۔

جناب قلندر خان لودھی: جناب! گستاسپ صاحب سے ایک پوائنٹ رہ گیا ہے جی۔ یہ مانسہرہ میں ٹول پلازہ کی بات ہے۔ یہاں 5 تاریخ کو وہ پہیہ جام ہڑتال وہ کریں گے ٹول ٹیکس میں سو فیصدی انہوں نے اضافہ کر دیا ہے۔ پہلے دس روپے لیتے تھے اب بیس روپے لے رہے ہیں۔ تو اس کی طرف گورنمنٹ کی توجہ میں دلانا چاہتا ہوں۔ خواہ مخواہ لاء اینڈ آرڈر کا ایک اور کیس 5 تاریخ کو بن جائے گا۔ 5 تاریخ کو پہیہ جام ہڑتال ہو گی۔ پہلے وہ دس روپے لے رہے ہیں اور اب این ایچ اے والوں نے بغیر کسی وجہ کے بیس روپے کر دیئے ہیں۔ اس لئے میں سینیئر منسٹر صاحب کے نوٹس میں یہ لایا ہوں۔

جناب سپیکر جناب سراج الحق صاحب، لاء اینڈ آرڈر پر Wind up کرنے کے لئے۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: صرف دو منٹ کی بات ہے۔

جناب سپیکر: دو منٹ کی بات ہے۔ اچھا، سراج الحق صاحب، میرے خیال میں نے تو آغاز اور ابتداء انہی سے کی تھی۔ سعید خان صاحب، اور کسی کا اعتراض تو، یہ دو خواتین کو میں ٹائم دے رہا ہوں اور کوئی اس کو تو Base نہیں بنائے گا نا۔

آوازیں: نہیں جی۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔ جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ جی، میں پولیس کی لاء اینڈ آرڈر کے سلسلے میں جو کارکردگی ہے اور کم از کم اس صوبے کے حالات کے بارے میں جو لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے، اس سے میں بالکل مطمئن نہیں ہوں جناب سپیکر صاحب۔ اس کی جو واضح مثال ہے، میں اتنی Details میں نہیں جاونگی کہ کیا ہوا، کیا نہیں ہوا، اس میں یہاں پر Specially پشاور کے جو CCP صاحب ہیں، ان کی واضح Instructions ہیں اور وائرلیس پہ یہ بات انہوں نے کہی ہے کہ یہاں پہ جتنی بھی FIR's ہونگی، ان کو تو نہ وائرلیس پہ کہا جائے گا، مطلب یہ ہے کہ جو ڈاکے ہونگے، جو چوریاں ہونگی جو کچھ بھی ہو گا اس کو وائرلیس پہ نہ تو Announce کیا

جائے گا اور نہ ہی ان کی FIR درج کی جائے گی بلکہ اغواء جیسا، (مداخلت) میرا خیال ہے یہ بہت Important مسئلہ ہے اس میں اوہ، اوہ، کی بات ضروری نہیں ہے۔ یہ آپ ہی کے صوبے اور آپ کے پشاور کے بارے میں مسئلہ ہے۔

جناب سپیکر: پلیز، آپ جاری رکھیں، جاری رکھیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اسی اوہ، اوہ، کی وجہ سے جی میں ایک اور Explanation کرنا چاہتی ہوں کہ مشتاق احمد غنی صاحب جب بات کر رہے تھے تو میں نے ان سے یہی ریکویسٹ کی تھی جب اوہ، اوہ کے نعرے لگ رہے تھے، وہ میرے پارلیمانی لیڈر ہیں اور میں ان کی عزت کرتی ہوں تو میں نے ان سے یہی ریکویسٹ کی تھی کہ لاء اینڈ آرڈر پہ آئیں تاکہ یہ جو اوہ، اوہ کی باتیں ہیں، یہ ختم ہو جائیں اور دوسرا جو مسئلہ ہے اس کو بعد میں Discuss کر لیں حالانکہ وہ دونوں Important مسئلوں پہ بات کر رہے تھے۔ تو اس میں بات یہ ہے کہ FIR درج نہیں ہوتی ہے، اس کے لئے واضح Instructions موجود ہیں۔ اس صوبے میں جو Concerned پولیس آفیسرز ہیں انہوں نے کہا ہے۔ Even یہ کہ اغواء جیسے مسئلے پہ انہوں نے یہ کہا ہے کہ FIR درج نہیں ہوگی۔ صرف یاداشت کے لئے ایک رجسٹر رکھا جائے گا تاکہ پتہ چلے کہ کون اغواء ہوا ہے؟ ابھی Recently ایک علاقے میں ایک خاتون سے ایک لاکھ روپے کا پرس چھینا گیا اور جب وہ خاتون تھانے کے ایس۔ ایچ۔ او کے پاس گئی تو انہوں نے کہا جی ہمیں تو یہ Instructions ہیں کہ ہم لوگ FIR درج نہیں کرتے۔ پھر اس کے بعد وہ روتی دھوتی واپس گئی ہے لیکن اس کے باوجود اس کی FIR درج نہیں ہوئی ہے۔ تو جناب سپیکر صاحب، یہ واضح مثالیں جو موجود ہیں کہ FIR درج نہ ہونے کی وجہ سے جو یہاں پہ ہو رہا ہے اور اس کی ایک اور بات میں آپ کو بتاؤں جی کہ آئی۔ جی۔ پی صاحب اتنے بڑے آدمی ہیں کہ آج لاء اینڈ آرڈر کے اتنے Important مسئلے پہ بات ہو رہی ہے، میں مشکور ہوں دو آفیسرز کی کہ جو اوپر موجود ہیں لیکن آئی۔ جی۔ پی صاحب کو آج یہاں پہ خود موجود ہونا چاہیے تھا۔ لیکن وہ فارغ ہی نہیں ہوتے ہیں۔

جناب سپیکر: اصل میں وہ اسلام آباد میں "سارک" کی ڈیوٹی پہ ہیں۔ انہوں نے مجھے بتا دیا تھا، اس لئے وہ نہیں ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ٹھیک ہے لیکن اس کے باوجود جناب سپیکر صاحب، میں آپ کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتی ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ورنہ آئندہ جب بھی ان سے متعلق کسی بھی موضوع پہ بحث ہو گی تو وہ ہوں گے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: بالکل ٹھیک ہے جی۔ تو اس میں میں یہ ریکویسٹ کرنا چاہتی ہوں کہ FIR کا جو اندراج ہے، اس کو یقینی بنایا جائے کیونکہ جب تک FIR درج نہیں ہو گی، کوئی کام بھی پولیس کا آسان نہیں ہو سکتا اور دوسری جو Important بات ہے جی وہ یہ ہے کہ 42 پوسٹیں اس وقت DSPs کی Vacant پڑی ہوئی ہیں اور Cases 51 تیار ہو کر آئی۔ جی۔ پی صاحب کی ٹیبل پہ پہنچ چکے ہیں لیکن Delaying tactics اس میں استعمال ہو رہے ہیں۔ جب کبھی ان کی اپنی مرضی ہوتی ہے تو وہ 2002ء کے قانون کو اپنے اوپر لاگو کر لیتے ہیں کہ جی مجھے اتھارٹی ہے اور جب ان کی مرضی نہیں ہوتی تو وہ کہتے ہیں کہ جی 2002ء کا قانون تو میں لاگو ہی نہیں کرتا ہوں۔ تو اس سلسلے میں میری درخواست ہے کہ اس کو یقینی بنایا جائے۔

مولانا نظام الدین: جناب سپیکر صاحب! مخکښې ما یو خبره کړې وه، تاسو وئیل امن و امان پکښې وو په هغه وخت کښې به دا خبره او کړئې۔

جناب سپیکر: دا نسرین خټک صاحبه چې تقریر او کړی نو بیا به تاسو تقریر او کړئې۔ نسرین خټک صاحبه!

محترمہ نسرین خٹک: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب! یہاں پہ میں تھوڑی سی وضاحت کرنا چاہوں گی۔ آج کی بحث کا موضوع ہے Law and order جناب سپیکر صاحب، اگر Law and order کی Situation ہوتی تو پھر بحث کی ضرورت ہی نہیں تھی۔ میرے ناقص خیال میں یہاں Lawlessness اور Disorder کی Situation ہے اس لئے ہم اس موضوع پہ بحث کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! میں نے سنا یہ تھا اس حکومت کی شروعات میں، جب انہوں نے حکومت کی باگ دوڑ سنبھالی کہ ہم شخصیات کی بالادستی نہیں مانیں گے، ہم قانون کی بالادستی مانیں گے۔ خوب انداز اپنایا ہے قانون کی بالادستی کا۔ اب اس کے بعد جو مختصراً گزارشات میں کروں گی، دو منٹ سے زیادہ ٹائم لوں گی، وہ تنقید برائے تنقید بالکل نہیں ہو گی۔

جناب سپیکر: یہ جو Commitment آپ نے کی ہے۔

محترمہ نسرین خٹک: وہ تنقید برائے تنقید بالکل نہیں ہوگی۔ ان شاءاللہ تعالیٰ اس کے ساتھ Suggestions بھی ہوں گی اور کچھ ایسی Suggestions ہوں گی جو اس Lawlessness اور Disorder کا سد باب ہونگی۔ جناب سپیکر صاحب! بات یہاں پہ پچھلے سیشن میں یہ تھی Unemployment اور Price hike ہے، میں اس پہ زیادہ بات نہیں کرونگی کیونکہ بہت کچھ ہم کہہ چکے ہیں لیکن Unemployment اور Price hike کی وجہ سے اس کو زیادہ Complicate کرنے کے لئے ہوا یہ ہے کہ حکومت کے، یہ جو ابھی بجٹ پیش کیا گیا ہے، میں حیران ہوں ایک بات پہ کہ یہ دنیا میں پہلی مثال ایسی ہوئی ہے، میرے پاس Figures موجود ہیں کہ 3090394 ملین کی رقم مختص کی گئی ہے Law and order کے لئے، یہ اس بجٹ کی میں بات کر رہی ہوں لیکن پچھلے سال کا اگر Out going آپ دیکھیں تو وہ تھا 3190238 ملین۔ جناب سپیکر صاحب! یہ دنیا میں پہلی مثال ہے کہ آبادی جہاں بڑھتی ہے، Unemployment ہے ہمارے صوبے میں، Price hike کا ہم اعتراف کر رہے ہیں اور اس کی وجہ سے Law and order situation بنتی ہے لیکن ہم Law and order کے بجٹ میں کمی لاا رہے ہیں، بڑی حیرانی کی بات ہے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ ہم اس بجٹ کو بڑھاتے ۔Lawlessness اور Disorder کی ایک بات بنیادی وجہ یہ ہے کہ Lawlessness اور Disorder کی وجہ سے خواتین پہ تشدد ہوتا ہے لیکن خواتین کے پولیس اسٹیشنز کا اگر آپ حال دیکھیں تو پشاور میں جو پولیس سٹیشن ہے، عجیب و غریب بات یہ ہے کہ اس کی Jurisdiction کا تو تعین ہی نہیں کیا گیا، ایک سرے سے شروع ہوتی ہے دوسرے سرے تک اس کی Jurisdiction ہے اور اس پولیس سٹیشن میں تاحال، اب شاید اکا دکا ہو لیکن آخری خبریں آنے تک تو FIR درج بھی نہیں ہوئی تھی۔ کیا میں یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوں گی کہ خواتین کے خلاف ابھی جرائم ہی ختم ہو گئے ہیں اس لئے FIR نہیں درج ہو رہی ہیں؟ یہ طنزیہ بات نہیں ہے۔ یہ حقائق پہ مبنی بات ہے۔ پھر جناب سپیکر صاحب، ان غلطیوں کی وجہ سے پبلک سیفٹی کمیشن، ان الفاظ پہ ذرا غور کیجیے جناب سپیکر صاحب! "پبلک" یعنی عوام سیفٹی جو ان کے تحفظ کے لئے۔

جناب سپیکر: تحفظ۔

محترمہ نسرین خٹک: اور کمیشن، یعنی ادارہ، میں نے یہ سنا ہے اور ہو سکتا ہے غلط میں نے سنا ہو کہ اس کے دو ممبران کا قتل ہوا ہے۔ جہاں پہ ہم دیکھتے ہیں کہ پبلک سیفٹی کمیشن کے ممبران کی جان ومال کا تحفظ نہیں ہے تو عام عوام کا کیا تحفظ ہو گا؟ (تالیاں) اس کے بعد جناب سپیکر صاحب! وضاحت حکومت نے ضرور کی تھی کہ ایڈوکیٹ جنرل آف این۔ ڈبلیو۔ ایف۔ پی ہزارہ جاتے ہیں، وہ ایک پر امن علاقہ ہے، قدرتی وسائل ہیں، خوبصورت مناظر ہیں اور وہاں پہ ایڈوکیٹ جنرل آف این۔ ڈبلیو۔ ایف۔ پی پہ ڈکیتی ہوئی ہے، یہ تو اللہ تعالیٰ کا رحم و فضل ہے کہ ان کی جان بچ گئی اور حکومت کی طرف سے وضاحت ہوئی ہے کہ ہم نے 72 گھنٹے میں ان ڈاکوؤں کو پکڑ لیا، بڑی اچھی بات ہے لیکن Facts are facts۔

جناب سپیکر: کیا یہ Repetition نہیں ہے۔ یہ تو گزشتہ اجلاس میں فیصلہ ہو گیا تھا نا۔

محترمہ نسرین خٹک: بالکل ہوا ہے جی، But جہاں پہ Point stress ہوتا ہے، وہ یہ ہے کہ اتنے بڑے بڑے لوگوں پہ اگر حملہ ہوتا ہے تو عوام کا؟ آخر میں جناب سپیکر صاحب، اب یہ Repetition نہیں ہے، اب یہ بھی ذرا سا سن لیں جی۔ سنا ہے کہ نومبر 2003ء تک، پولیس کی میں بات کر رہی ہوں، Encounters غالباً 88 ہوئے ہیں، جو پولیس والے مر چکے ہیں، شہید ہوئے ہیں، ان میں وہ 27 تھے، جو زخمی ہوئے ہیں، وہ 40 ہیں، جو Criminals قتل ہوئے ہیں، وہ 38 ہیں اور ان Criminals کی تعداد 19 ہے جو کہ صرف Injured ہوئے ہیں۔ یہ 2003ء ہے اب جب موازنہ کیا جائے 2002 کے ساتھ تو آپ دیکھیں کہ پولیس کے جو اہلکار مرے ہیں ان کی Encounters میں، وہ 13 تھے 2002 میں اور 2003 میں 27 ہو گئے ہیں۔ اس سے آپ اندازہ لگائیں کہ ابھی Law and order situation deteriorate ہو رہی ہے کہ ان Figures میں اگر Injured پولیس والے دیکھیں تو وہ اس سال 2003ء میں 40 ہیں اور پچھلے سال 24 تھے۔ Criminals جو Kill کئے گئے ہیں پچھلے سال وہ 23 ہیں اور اس بار 38 ہیں تو لاء اینڈ آرڈر کی Situation on the decline ہے۔ آخر میں جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ تو آخر سے آخر ہو گیا۔

محترمہ نسرین خٹک: جی بالکل۔ چونکہ بات Law کی، اسی طریقے پہ Criminal offences ہم پہ ہوں تو شاید ہم ہنسنے اور مسکرانے کے قابل بھی نہیں ہونگے۔ آخر میں میں Repeat کرونگی کہ ڈیرہ، بنوں اور پشاور میں D.S.P, S.P اور S.H.O مختلف وارداتوں میں یا تو وہ قتل ہوئے ہیں یا Injured ہوئے ہیں اور ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے اہلکاروں پہ بھی حملے ہوئے ہیں۔ یہاں پہ یہ ایجنسیاں آتی ہیں۔ یہ ہمارے مہمان ہیں اور ان کا تحفظ ہمارے لئے بطور ایک Decent معاشرہ ہماری ذمہ داری بنتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب! عقلمند کیلئے تو اشارہ ہی کافی ہے۔ امید ہے عوام کی نمائندگی کرتے ہوئے ہم نے اشارہ نہیں، ہم نے کھلی کتابیں رکھ دی ہیں۔ اب حکومت کا کام ہے کہ وہ یہ سنے یا نہ سنے۔ Thank you very much.

مولانا نظام الدین: جناب سپیکر صاحب

جناب سپیکر : نظام الدین صاحب۔

مولانا نظام الدین: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ زۂ زیاتے خبرې کول نه غواړمه۔ مختصر صرف دا خبره عرض کومه چې په دې میاشت دوه کښې زمونږه د سوات امن و امان ډیر زیات خراب شوې دے۔ د شپے دوکانونه لوټ کیږی، بازار کښې احتجاج هم اوشو، ټول بازار بند شو۔ زما دا درخواست دے چې انتظامیه باندې د خصوصی پریشر اوغورزولے شی چې هغوې هلته کښې ډیوټی شروع کړی او گشتونه شروع کړی۔ بل درخواست مے دا دے چې زمونږه د سوال نه چې کله جیلیان هری پور جیل ته یا ډیره اسماعیل خان ته اوړی نو په ټرکونو کښې ئے اوړی۔ هغوې ته تر اوسه پورے چرته بس نه دے ملاؤ او د دې مو درخواست هم ورکړے وو نو د گډو پشانتے هغه یا ټرک ته اوغورزی یا ئے ډاټسن ته اوغورزوی او دا د انسانی حقوق هم خلاف و رزی ده او هتک هم دے د جیلیانو چې هغوې داسې په بے عزتی سره په ټرکونو کښې راوړلے کیږی نو څه رنگے چې مونږه پولیس ورنړو ته د وسائل کمے دے او زمونږه د ممبرانو تنخواه گانے ډبلے کیدے شی نو پولیس چې هغوې 24 گهنټے ډیوټی کوی، د مرکز کښې مرکزی خبره کوؤ۔ د دوئ تنخواه گانے مونږ ه هم وایو چې ډبل کړے شی او د

امن و امان د پاره که مونږ د دوئ نه کار غواړو نو اول د ورته مراعات ورکړو او بیا د ترے نه څه تپوس کوؤ۔

جناب سپیکر: جی امان اللہ حقانی صاحب۔

مولانا امان اللہ: جناب سپیکر، شکریه۔ زهٔ خو جی په لاء اینډ آرډر عام بحث نه کومه، یو ډیر اهم مسئلے ته ستاسو توجه راګرځول غواړم چې زمونږ په دې پیښور کښې ریګی للمه ده او هغې باندې یو دوه اقوام جهګړے کوی۔ ډیر پخوا نه د هغوې جهګړه را روانه ده چې یو ته اورکزئ وائی او بل ته ریګی اقوام وائی او هغې کښې په سوونو قتلونه جناب سپیکر صاحب، شوې دی او ډیر جانونو ته نقصان ورځ په ورځ رسیږی۔ نو اوس دواړه خپلو کښې بالکل آمنے سامنے دی او د دې نا یوه ډیره لویه د لاء اینډ آرډر مسئله Create کیدے شی نو زهٔ درخواست کوم جناب سپیکر صاحب، چې چونکه په دې باندې مخکښې اسمبلئ کښې هم یوه سټینډنګ کمیټی تشکیل شوې ده، سټینډنګ کمیټئ ده که سپیشل کمیټئ، غالباً سټینډنګ پرے یو رپورټ هم ورکړے دے نو هغه باندې هغوې هم ډیر کار کړے دے۔ نو زهٔ وایم که په دې باندې یو کمیټی تشکیل شی او د دې مسئلے یو پرامن حل را اوباسی دا به ډیره ښه شی جناب سپیکر صاحب۔

جناب انور کمال خان : جناب سپیکر! که اجازت وی زهٔ، دے ریګی په حوالے سره دے چونکه دا هغوې ذکر اوکړو۔ د ریګی یو ډیره سنګینه غوندې مسئله ده او دا زما یاد دی چې څه وخت په 1988ء کښې مونږه د دې اسمبلئ ممبران وو نو هغه وخت کښې د ریګی اوسیدونکو او د اورکزو قبائلو په مینځ کښې په دې خاوره باندې ډیر تنان جوبل شوې دی او ډیر خلق پکښې زخمیان شوې دی او دا تنازعه د هغې وخت نارا روانه ده۔ هغه وخت کښې یو سپیشل کمیټی جوړه شوې وه چې هغه کمیټئ یو مفصل رپورټ حکومت ته ورکړے دے خو بدقسمتی او بدبختی زمونږه دا ده چې زمونږه دے حکومتونو هغه تسلسل خو برقرار وی نه او اکثر زمونږه حکومتونه داسې په نیمګړی حالاتو کښې ختم شی نو زهٔ خو دا تجویز ورکومه چې دے د یو ایډجرنمنټ موشن په دې پاره کښې راوړی او تاسو مهربانی اوکړئ هم دا د دوئ که چرته دوئ په کال اټنشن باندې پاسیدلے وی، تاسو لږ ورته رولز Relax کړئ او هغه ایډجرنمنټ موشن له تاسو یو سپیشل

کمیټی جوړه کړئ چې هغه دے حکومت ته خپل Recommendations اوکړی او دے Recommendations نه پس حکومت چې که په هغې باندې عمل درآمد اوکړی نو د دې علاقے یو دیرینه مسئله ځکه چې تقریباً د دې خو به پینځه لس، شل کاله کیږی لګیا دی، چې شلو کالو کښې مونږه د دې تدارک او نه کړو نو بیا به کله تدارک کوؤ؟

جناب سپیکر: انور کمال خان! تاسو ډیره ښه نکته اوچته کړے ده۔ ماته چې دا کوم لیټر ملاؤ شوې دے نو که دا حکومت په خپل Through باندې اوکړی چونکه په دیکښې داسې نومونه هم دی چې د هغوې د دې معزز ایوان سره تعلق نشته، نو دا آیا قانونی د دې څه حیثیت کیدے شی چې مونږه هغې کښې، لکه مطلب دا دے چې د هاؤس نه بهر خلق دی نو زۀ حکومت ته دا وایمه چې دوئ په خپل Through دا Notify کړی او Terms of reference د ورله ورکړی، هغه مخکښې کمیټئ د هغې رپورټونو ته او هغه چې کوم دا ماته ملاؤ شوې دے، دا به زۀ حکومت ته ورکړمه او د دې په رڼرا کښې د دوئ کمیټی Notify کړی۔

جناب انور کمال خان: سر! زۀ یو عرض کول غواړم۔

جناب سپیکر: ہاں

جناب انور کمال خان : هم دغه مسئله په یو وخت کښې، ما عرض تاسو ته اوکړو چې په 1988ء کښې دے هاؤس کښې پیش شوې وه او د دې هاؤس یو سپیشل کمیټئ په هغې باندې خپله فیصله ورکړې ده۔

جناب سپیکر: زۀ جی دا وایمه چې سپیشل کمیټی تاسو جوړوئ خو د دې معزز ایوان نه به ئے جوړئ کنه، ماته چې کوم لیټر راکړے دے، پروپوزل، تجویز راغلې دے، په دیکښې نور نوموته هم دی کنه۔ آورے۔

جناب انور کمال خان : نو تاسو اسمبلئ نه بهر خلق ، هغه بهر۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سټینډنګ کمیټی یا سپیشل کمیټی خو هغوې راغوښتلے شی، مونږه څنګه د هاؤس نه بهر دغه کولے شو؟

حافظ اختر علی(وزیر آبپاشی واوقاف ومذہبی امور): جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: حافظ اختر علی صاحب۔

جناب حشمت خان (وزیر زکواۃ و عشر): چې مولانا حقانی صاحب کوم خبره اوکړه، دا چونکه زما حلقه ده، زهٔ د دغه علاقے نه ایم۔پی۔اے Elect شوې یم۔ مخکښې چې په دیکښې کومه کمیټی جوړه شوې وه د علاقے په سطح باندې، مسئله دا وه چې د هغوې هغه فیصله Implement نه کړے شوه۔ ډیر لوئے محنت پکښې اوکړو هغه جرگے او حقیقت دا دے چې دے وخت کښې نن نه ئینځه لس ورځ وړاندے زهٔ، مولانا امان الله حقانی صاحب، ډاکټر اقبال خلیل صاحب، مونږه لاړو او هلته چې کوم حالات مونږه اوکتل نو Any time دے نه یوه ډیر لویه مسئله جوړیدے شی نو دلته کښې څنگه چې انور کمال صاحب اووئیل، ټهیک ده، دا تاسو رول Suspend کړی، دوئ د پرے موشن راوړی خو خبره دا ده چې یو گهمبیر مسئله ده۔

جناب سپیکر: نو دا خو د حکومت مسئله ده۔ مطلب دا دے چې دا نوټیفکیشن ستاسو اوکړئ، حکومت د اوکړی او حکومت تاسو پخپله یئی۔

حافظ حشمت خان (وزیر زکواۃ و عشر): او ټهیک شو جی۔ ظفر اعظم صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس سراج الحق صاحب خپل تقریر کښې دا دغه اوکړی، مطلب دا ستاسو تجویز چې کوم راغے۔۔۔۔۔

قاری محمد عبداللہ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: قاری عبدالله بنگش صاحب، ټائم ډیر مختصر دے نو څه دوه منټه کښې خپل عرض که کولے شے۔ دا گوره دا مرید کاظم صاحب ماته دهمکی راکوی، وائی چې ماته د ټائم را نکړو۔

قاری محمد عبداللہ: شکریه، جناب سپیکر! چونکه Law and order مسئله چلیږی۔ ممکن ہے پھر اجلاس کب ہو گا تو اس حوالے سے میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کیسے آپ کو پتہ چلا؟

قاری محمد عبداللہ: میں انتہائی اہم اور ضروری سمجھتا ہوں کہ اپنے علاقے کی Situation۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مختصر دو منٹ میں۔

قاری محمد عبداللہ: میری گزارش یہ ہے کہ ہمارے حلقے میں اس وقت صورت حال یہ ہے کہ صرف ایک ڈی۔ایس۔پی پورے ضلع کو کنٹرول کر رہا ہے، وہاں پہ کوئی ایس۔پی نہیں ہے، وہاں پہ عابد علی صاحب کو چارج دیا گیا ہے میری گزارش یہ ہے کہ ایس۔ایس۔پی عابد علی کو ہنگو تبدیل کیا جائے کیونکہ ہنگو میں Law and order کی Situation انتہائی خراب ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ابھی رمضان المبارک کے آخری عشرے میں ہمارے ضلع سے تقریباً دس آدمی اغوا کئے جا چکے ہیں اور نریاب کے چند افراد جو دوآبہ سے پشاور آرہے تھے، راستے میں ان کو اتار کر قتل کر دیا گیا۔ ان معصومین کے بارے میں میں نے معاوضہ کی بھی گزشتہ اجلاس میں بات کی تھی لیکن ہمارے سینیئر منسٹر صاحب ضلع ہنگو کے کسی بھی مسئلے کو قابل اعتناء نہیں سمجھتے ہیں جس پر مجھے گلہ بھی ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ مجموعی طور پر وہاں پہ جو تھانے ہیں، صرف تین عدد تھانے ہیں۔ میں نے چیف منسٹر صاحب سے بھی بار بار بات کی ہے کہ تھانوں کی تعداد کو بڑھا دیا جائے۔ میں اس ایوان کی وساطت سے ایک مرتبہ پھر فلور آف دی ہاؤس پہ یہ گزارش کرونگا کہ وہاں پہ تھانوں کی تعداد میں مزید دو عدد تھانوں کا اضافہ کیا جائے۔ ایک تو وہاں پہ فرقہ وارانہ فسادات ہوتے ہیں دوسری بات یہ ہے کہ ضلع ہنگو اور خصوصاً میرا حلقہ ٹل بالکل ٹرائیبل ایریا کے چوک پہ واقع ہے تو وہاں پہ امن وامان کا بہت سنگین مسئلہ ہے۔ اس لئے اس کو سنجیدہ اور Serious انداز میں لیا جائے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ جناب سراج الحق صاحب!

جناب مظفر سید: میں قاری صاحب کے دو منٹ کی بجائے میں ایک منٹ میں اپنی بات ختم کرتا ہوں جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: یہ آپ اور سراج صاحب آپس میں فیصلہ کر لیں۔

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): آخر میں کر دیں۔ مطلب یہ ہے کہ آخری آدمی ہوں تو ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی اور اٹھ جائے کہ بھئی ان کو کیوں Relaxation دے دی تو پھر۔۔۔(آوازیں/قطع کلامیاں)۔۔۔۔میرے خیال میں سراج الحق صاحب کو بولنے دیں۔

جناب مظفر سید: شکریه، جناب سپیکر۔ بس زهٔ خپله خبره ختمومه۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں نے تو آپ کو فلور نہیں دیا ہے میں نے تو سراج الحق صاحب کو فلور دیا ہے۔

جناب مظفر سید: نه زهٔ به بس صرف دومره اووایمه چې زهٔ چې د کومے ضلع خبره کوم، د سراج صاحب هم د هغې سره تعلق دے۔ ان شا ءالله هغه به۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دوه منټه کښېنې۔۔۔

جناب مظفر سید: بسم الله الرحمان الرحیم شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ د امن و امان صورتحال باندې ډیر سیر حاصل بحث اوشو او زهٔ دا نه وایمه چې یره د اوشی، صرف دومره عرض لرمه چې خاص کر په ملاکنډ ډویژن Repetition کښې د ګاډو د اغواء هغه Ratio څه نه څه کم شوه خو بهرحال قابل توجه اوس هم ده چې د دیر نه، د سوات نه، د بونیر نه ګاړی راتښتولے کیږی او مختلفو حلقو کښې، او بیا د هغې پته هم اولګی او بیا په هغې کښې واپس د هغې برائے تاوان مطالبه هم کیږی د دې وجه نه په هغې باندې لږ د توجه ضرورت دے نو زهٔ د حکومت توجه دے ته راګرځو چې په دې باندې، او په ضلع دیر او په دغه علاقو کښې د افغان مهاجرینو د وجے نه یوه مسئله شته نو هغه زمونږه رونړه دی خو بحرحال کیمپونو ته که هغوې محدود کړے شی او د هغوې په دغه باندې لږ چیک اوساتلے شی نو شاید چې د امن و امان صورت حال زمونږ هلته بهتر شی، بهرحال بهترئ طرف ته خو روان دے مونږ به دعا کوؤ چې په مرکز کښې هم الله تعالیٰ بهتر کړی۔

جناب سپیکر: جی، مرید کاظم صاحب، آپ خوامخواہ۔۔۔

سید مرید کاظم شاہ: جناب سپیکر! میں بہت تھوڑا ٹائم لوں گا۔ ویسے میرا تو بہت کا خیال تھا لیکن پھر بھی میں بہت تھوڑا ٹائم لوں گا (تالیاں) جناب سپیکر صاحب! جب سے ایم ایم اے کی حکومت آئی ہے، میں نے پہلے بھی کہا ہے کہ لوگوں کے ذہنوں میں ایک نظریہ تھا کہ اسلامی حکومت آگئی ہے اور اس میں ہمیں امن ملے گا اور انصاف ملے گا اور اس سے وہی دور واپس آئے گا جو ہمارے تصورات میں ہے اور جو اسلامی نظام کے ساتھ وابستہ ہے لیکن میں افسوس سے کہتا ہوں کہ حکومت اس نظام میں Totally فیل ہو گئی ہے (تالیاں) اگر آج یہاں پر شریعت نافذ ہو چکی ہوتی تو ہمیں آج لاء اینڈ آرڈر پر بحث کرنے

کی کوئی ضرورت نہ ہوتی کیوں کہ اگراسلام آتاتواس میں صحیح انصاف ہوتا لیکن یہاں تو یہ ہو رہا ہے کہ میرٹ کی بجائے پولیس تھانوں میں سفارشوں پر ایس ایچ اوز بھیجے جاتے ہیں۔ جہاں پر ایسے لوگ جو Crime کرتے ہیں، ان کے کہنے پر ایس ایچ او تبدیل ہوتے ہیں، ان کے کہنے پر ڈی ایس پی تبدیل ہوتے ہیں، ان ہی کے کہنے پر ایس پی آتے ہیں (تالیاں) تو سر، جب یہ پوزیشن ہو گی تو Crime کیسے کم ہوں گے۔ لاء اینڈ آرڈر کیا ہے جی؟ صوبہ سرحد میں لاء اینڈ آرڈر کا کوئی نمونہ بھی نہیں ہے۔ سر! دیکھیں ایس پی قتل ہو گیا، ڈی ایس پی صاحبان قتل ہو رہے ہیں، ایس ایچ اوز قتل ہو رہے ہیں تو ہم کیا کریں گے جی؟ ہم تو ڈر کے مارے باہر بھی نہیں جا سکتے اور جو بڑی مصیبت کی بات ہے کہ ایک آدمی قتل ہوتا ہے اور پولیس یہ کہتی ہے کہ، اگر وہ دہشت گردی سے بھی قتل ہوا ہو تو یہ ذاتی دشمنی میں اس کو لے لیتے ہیں اور ایسے کوئی ڈھونگ بنا لیتے ہیں اور اصل ملزم تک پہنچنے کی کوشش بھی نہیں کرتے۔ جب تک آپ اصل Crime کی وہ نہیں کرینگے اس وقت تک آپ اپنے آپ کو بچا کر، ہر آفیسر یہ چاہتا ہے کہ میں آج اپنے آپ کو بچا کر چلا جاؤں لیکن اصل مجرم تک کوئی بھی نہیں پہنچ سکتا۔ جناب والا! آپ دیکھیں، اپنے ضلعے کی میں بات کرتا ہوں کہ ڈی آئی خان میں ایک ناظم کا بھائی کا اغوا ہوا ہے اور ٹانک Settled Area سے برآمد ہوا ہے اور سر، جب Settled Area سے آدمی برآمد ہوا ہے تو وہ اب کیسے کہہ سکتے ہیں کہ اس ضلع میں امن ہے؟ اگر وہ ٹرائبل سے ہوتا تو میں مان لیتا یہ ناظم کا بھائی اغوا ہوا ہے، اسرار اس کی گواہی دے گا اور وہ ٹانک پولیس کے Settled علاقے سے برآمد ہوا ہے تو اس سے زیادہ بدترین مثال اور کونسی ہو سکتی ہے؟ رجب علی شاہ دن دیہاڑے قتل ہوا ہے، وہ ایس پی تھا، اس کا کوئی پتہ نہیں چل رہا۔ سر! موٹر سائیکل چوری ہونے کا تو ایک رواج بن گیا ہے اور جس کو پولیس پکڑتی ہے تو بااثر لوگ، اس لئے مشتاق غنی صاحب نے یہی کہا کہ ایم این ایز، ایم پی ایز اور ہم تمام بھی ٹھیک ٹھاک، لیکن ہمارے کہنے سے کچھ نہیں بنتا، ہماری تو ویسے بھی کوئی نہیں سنتا۔ پہلے گورنمنٹ ٹھیک ہو جائے (تالیاں) اگر گورنمنٹ یہ سمجھ لے اور ان کے Non elected لوگ پولیس پر حاوی نہ ہوں، ہماری تو ویسے بھی نہیں سنی جاتی، ہم کیا کہہ سکتے ہیں؟ جس طرح میرے بھائی نے کہا کہ باہر سے ایمپورٹڈ لوگ آ گئے ہیں تو وہ تو اور بات ہے جی لیکن جب تک گورنمنٹ

مخلص نہیں ہو گی، اس وقت تک لاء اینڈ آرڈر کا کنٹرول کبھی بھی صحیح نہیں ہو سکتا۔ میں ریکویسٹ کروں گا آپ مجھے دیکھ رہے ہیں تو میں اس کو ترک کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں Conclude کریں تو بہتر ہو گا۔

سید مرید کاظم شاہ : آپ مہربانی کر کے، میں صرف گورنمنٹ سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ خدارا اس حکومت کو اپنی ملکیت نہ بنائیں، اس حکومت کو ملک کی ملکیت بنائیں۔ اپنے لئے نہیں عوام کا خادم بنائیں۔ اگر انہوں نے یہ سمجھ لیا کہ یہ حکومت عوام کی خادم ہے تو یقینی بات ہے کہ کبھی بھی کوئی جرائم نہیں ہوں گے۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: محترمہ رخسانہ بی بی صاحبہ۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: حکومت ہماری ملکیت نہیں۔ اس میں ناظمین ہمارے ساتھ شریک ہیں۔ انہوں نے بات غلط کہی ہے۔ حکومت ہماری نہیں ہے۔ حکومت میں ہمارے ساتھ ناظمین شریک ہیں اس لئے ان کو بھی ڈانٹا جائے۔

سید مرید کاظم شاہ: اب آپ نے ان کی توثیق کی ہے۔ اس نظام کی آپ نے توثیق کر دی ہے۔

جناب سپیکر صاحب: مرید کاظم صاحب پلیز۔

محترمہ رخسانہ بی بی: ډیره ډیره مهربانی جی۔

جناب سپیکر: ډیر مختصر۔

محترمہ رخسانہ بی بی: آو جی مختصر۔ ډ سٹرکټ چارسدے حواله سره یوه خبره کول غواړم۔ ځکه چې د امن و امان خبره کیږی نو زمونږه ممبرانو او مشرانو پرے ډیرے ښه ښه خبرې اوکړے خو زه به یو څو تجاویز ورکړم د ریفارمز د پاره۔ ځکه چې زیات تر ګړبړ چې دے نو هغه زمونږه پولیس د سائیډ نه دے۔ Main خبره دا ده چې کومے روزنامچے دی دوئ دا ختم کړی ځکه چې کوم ګړبړ کیږی او چې کوم غلط کارکیږی نو هغه په روزنامچې کښې دوئ او کړی او ایف آئی آر نه درج کوی۔ زما وړور سره یو څو ورځے مخکښې چاجهګړه اوکړه د هغوې ایف آئی آر ئے نه درج کوؤ۔ ښه ورته پته وه چې ایم پی اے لګه، زما خو څه Approach وو خو لکه د غریب کس به څوک ایف آئی آر درج کړی؟ ما بیا څه

Approach لړاؤ کړو (تالیاں) ما بیا څه Approach سی ایم صاحب ته او

کړو نو هغوئی بیا ټیلیفون اوکړو نو د هغوې په وینا باندې (تالیاں) ایف آئی آر درج شو او زما لس گهنټے تاخیر سره ایف آئی آر درج شو۔هغه هم زما چې څه دغه وو ،غریب عوام به څنگه داسې غټو غټو مشرانو ته اورسی او څنگه به د هغوې ایف آئی آر درج شی؟ یو خو دا ده چې ایف آئی آر،روزنامچې ،ایف آئی آر چې څنگه ډی آئی جی او دوئ له ځئی Daily داسې د دې روزنامچے فوټو سټیټ هم دوئ Daily لیږی چې هغوې ته پته لږی چې روزنامچې کښې څه گړبړ او نه شی او بل دا چې د اغوا او د غلا او د گاډو د چوری چې کوم وارداتونه کیږی، هغې کښې چې زیات تر دغه وی نو د پولیس ایس ایچ او او مرزا چې کوم وی، هغوې خپل Reputation نه خرابوی،هغوې ایف آئی آر نه درج کوی۔ هغوې ورته او وائی چې تاسو که خپل گاډے غواړی یا خپل کس غواړئی نو د هغې د پاره تاسو داسې چل اوکړئی چې مونږ به تاسو ته کس اوبنایو ،هغوې له لاړشئی، هغوې سره گاډے شته دے ،تاسو پکښې څه پیسے ورکړئی نو داسې به نه کړیږئ گنی بیا به مو گاډے Scrap شی نو لکه هغوې چې دی، نو Approach چې سړے او کړی هغوې ورته کس اوبنائی چې دے کس له لاړشئی او تاسو ته به گاډے ملاؤ شی۔

جناب سپیکر: ډیره مهربانی، په ټول هاؤس کښې د ټولو نه ښه تقریر اوکړو (تالیاں) جی سراج الحق صاحب۔

جناب نادر شاہ: یوه خبره جی کوم۔

جناب بشیر احمد بلور: دے ایم پی اے صاحبے چې دا خبره اوکړه نو حکومت ته پکار دی چې په دې باندې دوئ مونږه ته دا او وائ څکه چې په اسلام کښې سفارش،په اسلام کښې د Approach خبره نشته دے ،په اسلام کښې میرټ پکار دے چې دا ولے په میرټ نه کیږی؟

جناب سپیکر: جی سراج الحق صاحب۔

جناب نادر شاہ: سپیکر صاحب! یوه خبره کوم جی، یوه خبره کوم جی۔

جناب سپیکر: حافظ حشمت صاحب، حافظ حشمت صاحب، پہ خپل حد کښېنې او سه، پہ خپل حد کښېنې او سه حافظ حشمت صاحب۔

جناب نادر شاہ: سپیکر صاحب! یو خبره کوم جی۔

جناب سپیکر: جی سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): جناب سپیکر صاحب! میں امن وامان کے حوالے سے گفتگو سے قبل یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ بارہ بجے چائے کے لئے وقفہ ہوتا ہے اور ٹھیک ایک بجے تک وقفہ چلا گیا ہے اور سوا ایک بجے پر ہم نے شروع کیا تو اس طرح نماز کا وقت خاصا کم ہوتا جا رہا ہے۔ تجویز ہے ہماری طرف سے کہ اگر Tea break کے لئے بھی وقت کا تعین ہو تو آسانی رہے گی اور سب لوگ بھی انشاءاللہ وقت پر آنے کی کوشش کریں گے۔ ایسے میں وقت کی کمی اور نماز دونوں مسائل حل ہو جائیں گے۔ لیڈر آف دی اپوزیشن سمیت ہمارے بہت سارے دوستوں نے امن وامان کے حوالے سے بات کی ہے اور یہ مسئلہ اپوزیشن کا یا حکومت کا نہیں ہے بلکہ یہ ہم سب کا ایک مشترکہ مسئلہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ تاریخ میں کوئی ایسا دور نہیں گزرا۔ جب جرگے نے، منتخب لوگوں نے یا کسی بھی ایوان میں امن وامان کے حوالے سے بحث جاری نہ ہو اور ہر لمحے اور ہر زمانے میں لوگ خوب سے خوب تر کی تلاش میں ہوتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ کوئی لمحہ ایسا نہیں آتا کہ جب آدمی کہے کہ بس اب تو امن وامان بالکل ٹھیک ہو گیا ہے۔ یہ بالکل اس طرح ہے جس طرح ہمارے دوستوں نے بتایا ہے کہ امن اللہ تعالی کی طرف سے ایک نعمت ہے۔ قرآن میں ہے "فلیعبدوا رب هذا لبیت الذی اطعمهم من جوع و امنهم من خوف" اس رب کی عبادت کرلو جس نے تمھیں بھوک کی حالت میں کھانا دیا، بعام دیا اور خوف کی حالت میں امن سے نوازا۔ تو یہ امن دینا اور کھانا کھلانا اللہ تعالی نے اپنی ربوبیت کی صفات میں سے بیان کیا ہے۔ ایک Civilized تہذیب یافتہ معاشرے کی بنیادی خصوصیت یہی ہے کہ لوگوں کی جان اور اور مال حفاظت میں ہوں۔ میں ان سے بھی اتفاق کرتا ہوں کہ جرائم کی ایک وجہ غربت بھی ہے۔ میں اس سے بھی اتفاق کرتا ہوں کہ بے روزگاری بھی ہے اور بنیادی وجہ ہمارے عدالتی نظام سے لوگوں کی مایوسی بھی ہے اور جب لوگ دیکھتے ہیں کہ انصاف بر وقت نہیں ملتا تو پھر عموماً لوگ قانون ہاتھ میں لینے کی کوشش کرتے ہیں اور سب لوگ اس پر Agree ہیں

کہ یہ جو بے روزگاری کا مسئلہ ہے یا غربت کا مسئلہ ہے یا عدالتی نظام سے لوگوں کی بیزاری کا مسئلہ ہے، یہ کوئی ایک سال یا آٹھ نو مہینوں میں پیدا شدہ مسائل نہیں ہیں بلکہ گزشتہ چھپن 56 سالوں سے ہمارے ساتھ یہی مسائل چلے آرہے ہیں۔ میں عرض یہ کرنا چاہوں گا کہ کم از کم اس چیز پر تو میں فخر کرتا ہوں کہ گزشتہ ادوار میں اسمبلی کے ممبران جب یہاں آتے تھے تو ہر ایک کے ساتھ گاڑی میں بندوق اور بندوق والے ساتھ ہوتے تھے۔اب میرے علم میں کوئی ایسا ممبر نہیں ہے کہ جو ایم پی ایز ہاسٹل میں رہتا ہو یا جو مانسہرہ سے ہے یا ڈی آئی خان سے یا کہیں دور دراز سے آتا ہو اور اپنے ساتھ بندوق اور بندوق والے، نہیں ہوتے ہیں۔ اب اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ ہمارے ایم پی ایز کو، ایم این ایز کو بدمعاشوں کی ضرورت نہیں ہے اور ماضی میں ان لوگوں کی حوصلہ افزائی اس طرح بھی ہوتی تھی (تالیاں) ہمارے جتنے بھی ایسے لوگ تھے تو الیکشن میں ان کا سہارا لیا جاتا تھا اور الیکشن کے بعد وہی بدمعاش اور غنڈے ان سے اپنے کام نکلواتے تھے لیکن اب اکثریت ایسے لوگوں کی ہے کہ جن کو اس طرح کے غنڈوں اور بدمعاشوں کی ضرورت نہیں اور یہی وجہ ہے کہ وہ لوگ زیر زمین چلے گئے ہیں اور یہ میں نہیں کہتا کہ سو فیصد جرائم میں کمی ہوئی ہے لیکن جو اعداد و شمار نسرین خٹک صاحبہ نے پیش کئے ہیں کہ گزشتہ ایک سال میں ستائیس پولیس والے شہید ہوئے ہیں یا چالیس زخمی ہوئے ہیں تو جو شہید ہوئے ہیں یا زخمی ہوئے ہیں، یہ کوئی کرکٹ میچ میں تو شہید نہیں ہوئے ہیں۔ انہوں نے ان غنڈوں، بدمعاشوں اور چوروں کا پیچھا کیا ہے، ان کے ساتھ مقابلہ کیا ہے اور قوم کی جان اور مال کی حفاظت میں وہ شہید ہوئے ہیں اور اس طرح زخمی ہوئے ہیں اور یہی وجہ ہے (تالیاں) کہ گزشتہ 2003 میں، میں شہزادہ گستاسپ کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ بے شک آپ موازنہ نہ کریں بلوچستان سے، سندھ سے اور پنجاب سے، صوبہ سرحد کا موازنہ ہم 2002 سے کریں گے، ہم اس چیلنج کو بھی قبول کرتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے احسان کے طور پر میں اس کا اعتراف کرتا ہوں کہ پنجاب سے بھی، اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ سندھ اور بلوچستان سے ہماری پولیس کی کارکردگی بھی بہتر ہے اور یہاں کے امن وامان میں بے شک تہذیب کی بھی بات ہے، کلچر کی بھی بات ہے، بلور صاحب نے اشارہ کیا کہ چونکہ لوگ اپنے گھر اور اپنی ذات کی خود حفاظت کر سکتے ہیں کہ وہ استطاعت رکھتے ہیں۔ لیکن بحیثیت مجموعی صوبہ سرحد میں امن وامان دوسرے صوبوں سے بدرجہا بہتر ہے جس کا اعتراف مرکزی حکومت نے بھی بار

ہااجلاسوں میں کیا ہے۔اس کے باوجود میں شہزادہ صاحب کی اس بات پر آرہا ہوں کہ ہم نے گزشتہ سال سے بھی موازنہ کیا ہے اور 2002 کی نسبت اب کی بار ہمارے ہاں قتل ہونے والوں میں بھی خاصی کمی آئی ہے۔اس طرح گاڑیوں کی چوریوں میں بھی کمی آئی ہے۔اگرچہ جناب سپیکر صاحب،ایک شہر کراچی میں اکتیس ہزار پولیس والے ہیں کراچی کی حفاظت کے لئے جبکہ پورے صوبہ سرحد کے لئے اس وقت اکتیس ہزار پولیس مہیا ہے اور اس میں بھی وہ سارے چھٹیوں پر ہوتے ہیں یا عذروں اور وجوہات کی وجہ سے ڈیوٹیوں پر نہیں ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ مرکزی حکومت سے ہم نے اس ایشو پر بات کی ہے اور میں اس پر خوشی کا اظہار کرتا ہوں کہ انشاءاللہ پہلے فیز میں آئندہ سیشن میں پانچ ہزار اور دوسرے میں پھر دس ہزار اس طرح ہم پندرہ ہزار پولیس فورس میں اضافہ کر رہے ہیں (تالیاں) تا کہ ان علاقوں میں جہاں جس طرح عبداللہ صاحب نے کہا کہ تھانہ ہے، پولیس نہیں ہے یا پولیس ہے،ان کے لئے تھانہ نہیں ہے تا کہ یہ ضروریات ہماری پوری ہو جائیں۔جناب سپیکر صاحب! میں عرض کرتا ہوں کہ سب لوگوں کو معلوم ہے اور مرید کاظم صاحب کو بخوبی معلوم ہے کہ ایک سال قبل ڈی آئی خان سے آتے تھے تو پشاور پہنچنے کے لئے راتوں کو کانوائے بناتے تھے اور کانوائے کے بغیر کوئی گاڑی یہاں نہیں آتی تھی اور ہمیں خود بارہا اس طرح کی صورتحال کا سامنا ہوا ہے لیکن اب اللہ کا احسان ہے کہ پورے صوبے میں کہیں بھی رات کے وقت کانوائے سسٹم نہیں ہے اور ہر آدمی رات کو بھی چاہے تو اکیلا سفر کر سکتا ہے۔اس اثناء میں ہم نے کوشش کر کے شاہراہوں کو محفوظ بنایا ہے۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> مختیار علی خان۔۔۔۔۔۔

<u>سینیئر وزیر خزانہ:</u> میں عرض کرنا چاہوں گا کہ رمضان اللہ کا بڑا فضل ہے کہ بڑے اطمینان سے گزرا ہے۔اس طرح عید کے دن بھی کوئی واقعات اس طرح کے نہیں ہوئے ہیں۔تخریب کاری میں کمی آئی ہے، مساجد میں واقعات نہیں ہوئے ہیں۔امام بارگاہوں میں واقعات نہیں ہوئے ہیں اگرچہ آپ جانتے ہیں کہ قبائلی علاقہ ہمارے ساتھ ہے، کرم ایجنسی اور ہنگو کی سرحدات ہیں اور اس طرح پشاور اور خیبر ایجنسی اور مومند اور چارسدہ ضلع دیر اور باجوڑ اور اس طرح ہر ضلع کے ساتھ کہیں نہ کہیں ایک قبائلی علاقہ لگا ہوا ہے اور اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ صاحب نے گورنر صاحب سے بھی بات کی ہے کہ اس وقت قبائلی علاقوں میں

جتنے بھی چور ڈکیت اور اس طرح گاڑیوں کے اغواء کرنے والے ہیں وہ ہمارے حوالے کر دیں لیکن ہمیں افسوس ہے کہ اس سلسلے میں ہمیں کماحقہ کامیابی نہیں ملی ہے اور صحیح انداز سے اس طرح کا تعاون اگر ہو جاتا اور یہ لوگ صوبائی حکومت کے حوالے ہو جاتے تو شاید جو اس وقت تھوڑا بہت مسئلہ موجود ہے تو یہ بھی ختم ہو جاتا۔ محترم سپیکر صاحب، میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے صوبے میں آئی جی پی سے لیکر ایک ایس پی تک اور ایس ایس پی تک اللہ کا فضل ہے کہ پولیس آفیسر رات کو بھی Available ہوتا ہے اور میں نے دیکھا ہے کہ باقی صوبوں میں یہ Opportunities عموماً نہیں ہیں لیکن صوبہ سرحد میں اللہ کا احسان ہے کہ Opportunities ہمیں Available ہیں کہ ہر وقت عوام کو پولیس آفیسرز مہیا ہوتے ہیں۔ یہ رفعت اکبر سواتی صاحبہ نے مسئلہ رکھ کر اپنی سیٹ چھوڑی ہے، نہیں ہیں، لیکن میں نے پولیس افسران سے اس بارے میں بات کی ہے۔ اور انہوں نے جس مسئلے کی طرف توجہ دلائی ہے اس میں اے ایس آئی ہشتم خان کے خلاف ایف آئی آر ہوئی ہے اور جمروز خان سب انسپکٹر، یہ دونوں معطل ہو گئے ہیں اور اس طرح عدالت نے بھی ایکشن لیا ہے حکومت نے بھی Departmentally اس مسئلے میں Seriously action لیا ہے۔ میں یہ عرض کرنا چاہونگا کہ یہ ہمارا مشترکہ مسئلہ ہے۔ مرکز نے جناب سپیکر تجاویز بھیجی تھیں پولیس ریفارمز کے لیے لیکن ہم نے جب کیبینٹ میں اس پر بحث کی تو اس پر فیصلہ ہمارا یہ ہوا کہ پولیس ریفارمز چونکہ صوبہ سرحد کی ترقی اور مستقبل سے عبارت ہے اور ایک بہت بڑا اہم کام ہے تبھی ہم نے فیصلہ کیا کہ اس میں ہم پوری اپوزیشن کو اور اپوزیشن لیڈرز کو ساتھ بٹھا کر پولیس ریفارمز کے لیے تجاویز تیار کریں گے اور ہم نے مرکز کی طرف سے آئی ہوئی ان ریفارمز کو اوکے نہیں کیا ہے جب تک ہم اپنے اپوزیشن لیڈرز سے مشورہ نہ کر لیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ لوگوں کے احساسات میں ہم برابر کے شریک ہیں اور بالکل ہمارا یہ مشترکہ مسئلہ ہے جہاں بھی اس طرح کی کوئی چیز Pinpoint ہو جس پر فوری طور پر ایکشن لینے کی ضرورت ہو تو اس کے لیے ہم بالکل تیار ہیں لیکن بہت ساری چیزیں ایسی ہیں جو محسوسات پر ہوتی ہیں، احساسات پر ہوتی ہیں اور محسوسات اور احساسات پر Pinpoint کوئی اقدام نہیں کیا جا سکتا ہے۔ بہرحال ہم ہر تین مہینے بعد اپنے ان اقدامات کا جائزہ لیتے ہیں اور انشاءاللہ خواہش ہم رکھتے ہیں کہ آئندہ اگر اجلاس ہو اور اس میں امن و امان پر ہماری ڈیبیٹ ہو تو ہم چاہیں گے کہ تمام صورت حال میں بہتری آئی ہو

میں نے ان تمام ناموں کو نہیں لیا جنہوں نے اس ڈیبیٹ میں حصہ لیا ہے۔ بہر حال میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف انہوں نے حکومت کی توجہ کرائی ہے اور ہم کوشش کرتے ہیں، مخلص ہیں اس چیز میں اور چاہتے ہیں کہ امن وامان ہر لحاظ سے مکمل ہو جائے۔ صفدر لودھی صاحب کو اپنا مسئلہ اب شاید یاد نہ ہو جو انہوں نے پیش کیا ہے 5 جنوری کا انہوں نے اخبار مجھے۔۔۔

آوازیں: قلندر لودھی، قلندر لودھی۔

سینئیر وزیر: قلندر لودھی، قلندر لودھی، قلندر لودھی میں معافی چاہتا ہوں، قلندر لودھی صاحب نے جو مسئلہ اٹھایا ہے۔

جناب سپیکر: پلیز، پلیز۔

سینئیر وزیر: 5 جنوری کا، اس کے بارے میں عرض کرنا چاہوں گا کہ کل ضلع مانسہرہ کے ناظم اعلیٰ سے میری بات ہوئی ہے اور انہوں نے کہا کہ میں نے این ایچ اے والوں کو بلایا ہے انہوں نے جو ٹیکس لگانے کے حوالے سے کہا کہ ہم میٹنگ کر کے پھر آپ کو ساری صورت حال بھیجیں گے شہزادہ صاحب نے بات کی ہے مفروروں کے حوالے سے اور ان کو بھی معلوم ہے کہ مانسہرہ پولیس نے اس دوران آپریشن کیا ہے اور بیس مفرور، جو ایسے مفرور تھے جو عرصہ دراز سے وہاں امن وامان میں خلل ڈال رہے تھے اور حکومت کو مطلوب تھے۔ انہوں نے ڈیپارٹمنٹ کو اطلاع دی کہ وہ گرفتار ہو گئے ہیں اس طرح کرک میں آپریشن ہوا ہے، لکی مروت میں آپریشن ہوا ہے اس آپریشن میں ہمارے بہت قیمتی پولیس کے آفیسرز اور جوان شہید ہوئے ہیں۔ بہر حال ایک جہد مسلسل ہے جو انشاءاللہ امن اوامان کی طرف جاری ہے اور ہر لمحہ ہم چاہتے ہیں کہ امن کی طرف ہمارا سفر ہو۔۔(تالیاں)۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر! ریکارڈ درست کرنے کے لیے میں ایک بات کروں گا۔ ہم مشکور ہیں جناب سینئیر منسٹر کے کہ انہوں نے اس پر سیر حاصل بحث کی اور یہ بھی ہمیں یقین دہانی کرائی کہ Improvements کی گنجائش ہے، یہ Improvement لائیں گے لیکن جو مانسہرہ میں مفرور پکڑنے کی بات ہے، یہ ہم داد دیتے ہیں سابق صوبائی ممبران اور قومی اسمبلی کے ممبر نوابزادہ

صلاح الدین، حبیب تنولی، سخی تنولی اور ایسے منتخب سابق ممبران تھے، ان کی کوششوں سے مفرور پکڑے گئے ہیں، انہوں نے پیش کروائے، کوئی آپریشن نہیں ہوا ہے وہاں پر تھینک یو۔

جناب سپیکر: اچھا، انہوں نے پیش کروائے ہیں (قہقہے) جی سراج صاحب! یہ جو انہوں نے پیش کروائے ہیں۔

(قہقہے)

سینیئر وزیر: بالکل انہوں نے جو بات رکھی ہے میں اس سے Agree کرتا ہوں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اگر سابق ممبران اسمبلی نے تعاون کیا اور ایسے لوگوں کو پیش کیا ہے اور حکومت کے حوالے کیا ہے تو اگر موجودہ ممبران اس طرح محنت کر لیں اور وہ بھی پیش کر لیں تو میرے خیال میں کوئی چور ہی باقی نہیں رہے گا۔۔۔۔

(تالیاں)

شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف): بالکل جی۔ اس سلسلے میں ممبروں کی کوشش ہو گی کہ جو امن وامان کو پامال کرتے ہیں اور جیسے سینیئر منسٹر صاحب نے کہا کہ اب۔۔۔

## مجلس منتخبہ کی تشکیل

جناب سپیکر: مطلب یہ ہے کہ اگر پشت پناہی حاصل نہ ہو تو سب کچھ ہو سکتا ہے۔ جی، سلیکٹ کمیٹی کے بارے میں بات پھر ادھوری رہ جاتی ہے۔ قواعد میں میرے خیال میں دس ممبران میں تو پانچ چار تو Already nominated ہیں اور کتنے ؟،

جناب عبدالاکبر خان: پانچ Nominated ہیں۔

جناب سپیکر: پانچ Nominated ہیں Panel of Chairmen تو یہ پانچ ہو گئے ہیں۔

قاضی محمد اسد خان: سر، اس کی تفصیل بتائیں کہ کونسی سلیکٹ کمیٹی آپ پیش کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ DDAC والی کمیٹی ہے اپوزیشن کی طرف سے چونکہ چار نام مجھے دیئے گئے ہیں یعنی اب تین Accommodate ہو سکتے ہیں تو۔۔

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر، اس میں ایسے ہے کہ۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! یہ اپوزیشن کے ساتھ زیادتی ہو گی کہ دس میں آپ تین اپوزیشن کو دیدیں اور سات گورنمنٹ کو دیدیں۔

جناب سپیکر: ہاں۔

جناب عبدالاکبر خان: سات اگر گورنمنٹ کو دیدیں، تین پر تو میرے خیال میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، گورنمنٹ اور یہ نہیں، ایک تجویز ہے اپنے لیے اختیارات مانگنا۔ مطلب یہ ہے کہ یہ مناسب بات نہیں ہے لیکن اگر آپ یعنی رولز میں جو ہے کہ اسمبلی رولز کو مطلب ہے کہ Relax نہ کریں، تعداد ممبران کی، تو۔

جناب انور کمال خان: ایسے ہے جناب سپیکر کہ اس میں چار تو گورنمنٹ کی طرف سے Already nominated ہیں باقی چھ رہ گئے تو چھ میں ہم چار نام دیئے ہیں تو دو اگر مزید گورنمنٹ کی طرف سے آ جائیں۔ تو ان کی تعداد چھ ہو جائے گی اور یہاں پر تعداد چار ہو جائے گی لیکن اس پر آپ کہتے ہیں کہ تو آپ 86(2) کی Further provision میں دیکھیں اگر آپ اس کی تعداد بڑھانا چاہتے ہیں تو With the leave of the House اس پر دس آپ کر سکتے ہیں لیکن آپ دس سے بھی بڑھا سکتے ہیں اس میں کوئی قدغن نہیں ہے، کوئی پابندی نہیں ہے But you have to seek the permission of the House.

جناب سپیکر: یہ اگر مطلب ہے۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: میرے خیال میں یا تو رول 86(2) کو آپ Suspend کریں تو پھر آپ کے پاس اختیار آ جائے گا پھر آپ کتنے نام ڈالنا چاہیں، دس سے زیادہ کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: تو پھر نام بھی آپ یہاں فلور پر ہی دیں گے۔ مطلب یہ ہے کہ میں۔۔۔۔۔

جناب زر گل خان: سر، پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں جی، Already suspend آپ نے رول 86 کو جب Suspend کر دیا ہے تو پھر تو ناموں پر آپ نوٹیفیکیشن جاری کر سکتے ہیں۔ جب 86 ہو گا ہی نہیں تو آپ کے پاس اختیار ہے کہ آپ نوٹیفکیشن جاری کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔

جناب زر گل خان: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں پلیز، ہاں جی۔

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

Mr. Abdul Akbar Khan : Sir, I beg to move that under rule 240 rule 86 may be suspended and the Chair may be allowed to notify the members for the select committee.

جناب سپیکر: ایوان کے سامنے یہ تحریک عبدالاکبر خان صاحب نے پیش کی کہ رول 240 کے تحت رول 86 کو Suspend کیا جائے اور Chair کو اختیار دیا جائے کہ وہ باقی ماندہ سلیکٹ کمیٹی کے ممبران کو منتخب کرنے کا اختیار دیا جائے کہ وہ اس کو Constitute کریں۔ تو ایوان یہ اختیار چیئر کو دیتا ہے Is it the desire of the House :؟

(The motion was carried).

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Thank you.

اب میں اجلاس سے متعلق جناب گورنر صاحب کا فرستادہ فرمان پڑھ کر سناتا ہوں:

"In exercise of the power conferred by Clause (b) of Article 109 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, Lt. General (Rtd) Iftikhar Hussain Shah, Governor of North West Frontier Province, hereby order that the Provincial Assembly shall on completion of its business for the day, stands prorogued on 31st December, 2003, till such date as may hereafter be fixed."

اس فرمان کی رو سے میں اجلاس کو غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کرتا ہوں۔

---

(اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی ہو گیا)